سورۃ الکوثر

سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج

علامہ محمد جاوید

ادارہ کتاب الشفاء

۲۰۷۵۔ کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

سورۃ کوثر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّآ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ۝

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانۡحَرۡ ۝

اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ۝

بے شک! ہم نے آپ ﷺ کو کوثر عطا کر دیا۔ پس آپ ﷺ اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔ بے شک! تمہارا دشمن ہی بے نام و نشان ہوگا۔

حرف اول

شروع نام اس ذات پاک سے جو ساری دنیا کے لیے رحمان ورحیم ہے، اللہ جو بے مثل پیدا کرنے والا، حجابات اٹھانے والے، ہر شکل وصورت سے منزہ ہے جو اول میں بھی تھا اور ابد میں بھی قائم ودائم ہے اور عالم علویات وسفلیات میں اپنی حکمت، قدرت و ارادہ سے بلند وپست کرنے والا ہے اور اس عظیم ذات کے سوا کوئی معبود نہیں ہے وہ ہر شے میں موجود ہے لیکن کوئی بھی اس کو ظاہری آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا جبکہ وہ بخوبی سب کو دیکھتا ہے۔

اول سے ہی اپنی ذات کے ساتھ موجودات اور ابدیت میں اپنی صفات سے ظاہر ہے اپنے ناموں سے سرمدیت میں بلند اور ابدیت میں اپنے افعال سے منور ، وہی اول اور وہی آخر ہے عرض وجسم سے پاک وبالاتر، کوئی جہت یا سمت اس کا احاطہ نہیں کر سکتی اور نہ ہی زمانہ کی گردش اور دن رات اس کو بوڑھا یا فنا کر سکتے ہیں۔

میں حمد بیان کرتا ہوں اس ذات وبزرگ وبرتر کی، جس نے ہر شے کو ایک مقدار کے ساتھ رکھا، وہ ہر شے کا جاننے والا ہے چاہے وہ شے حاضر ہو یا غائب، میں گواہی دیتا ہوں کہ وہی روحوں کو عالم برزخ میں ثابت قدم رکھنے والا ہے اور اس کا

علم و قدرت زندہ و مردہ ہر مخلوق کو محیط ہے اور اسی نے موت اور مقدار کو مقرر کیا ہے اور وہی فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے اور وہی ہے جس نے عوارض و تکالیف انسانوں پر طور آزمائش نازل فرمایا ہے اور اس لیے اس نے ہدایت کے ساتھ ساتھ شفاء کے طور طریق بھی بتلائے ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء و رحمت ہے ایمان والوں کے لیے (الاسراء:۸۲)

میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور آخری پیغمبر ہیں جو ملت کے لیے آفتاب ہدایت اور شرک و ذلت سے پاک کرنے والے ہیں آپ ﷺ کی حکمت سے سچائی کا آفتاب منور ہوا اور گمراہی کے تمام ستارے بے نور ہو گئے اور آپ ﷺ کی آمد سروری سے صبح توحید روشن ہو گئی۔

خود ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے۔

قرآن پاک سب سے اچھی دوا ہے۔ (سنن ابی داؤد عن حضرت علیؓ)

چونکہ حق کے لیے نشانیاں اور حقیقت کے لیے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لیے عرفان الٰہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان اور رحیم کا ہونا بھی بہت ضروری ہے اور اس کے لیے وسیلہ بہت ضروری اور مطلوب ہے چونکہ تمام امور کی تقسیم اللہ ہی کی طرف سے ہے اور اس سے سعادت کمال کی روشنی سے متصل ہے جو امور الٰہی پر عمل پیرا ہو کر ہی حاصل ہوتی ہے۔

زیر نظر کتاب کا مقصد و منشاء یہی ہے کہ سورہ کوثر اور اس کے اندر موجود کوثر جو کہ خیر کثیر یعنی بھلائیوں ہی بھلائیوں کے سمندر سے بھرپور ہے۔ اور اس کے اندر اللہ تعالیٰ نے اسرار و رموز حکمت کے ساتھ ساتھ شفاء کے بے شمار خزانے پوشیدہ

کر رکھے ہیں تا کہ اس سے تمام امتی رسول اللہ ﷺ با آسانی تصرف حاصل کر سکیں اور اس خاکی دنیا کے اندر موجود نا آسودگیوں اور بیماریوں سے ان پوشیدہ خزانوں کے اسرار کے درست ترین عمل سے تمام روحانی اور جسمانی خوشیاں حاصل کر سکیں۔

چونکہ سورہ کوثر قرآن پاک میں بیان کردہ بھلائیوں کا اعلیٰ ترین ٹکڑا اور مجموعہ کل ہے اور یہ وہ سورہ ہے جس کے حوض سے روز محشر تمام امتی فیض یاب ہونے کے لیے ترس رہے ہوں گے اور جنہوں نے اس خاکی دنیا میں گمراہی سے کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے نیکیاں ہی نیکیاں کمائی ہوں گی ان کے لیے اس چشمہ یا حوض کوثر سے اپنی پیاس بجھانے کے علاوہ حضور نبی کریم ﷺ کی ملاقات سے بھی فیض یاب ہوں گے۔

سورہ کوثر میں قرآن پاک کی دیگر سورہ کی مانند تمام جہانوں کی دواؤں کے مقابلے میں سب سے اعلیٰ اور فوری فائدہ پہنچانے والی تاثیر موجود ہے جس کی مثال روئے زمین پر ملنا محال ہے اس لیے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اولیائے عظام و مشائخ رحمتہ اللہ علیہم اجمعین نے تمام بھلائیوں کی سردار اس سورہ کوثر سے بے حد استفادہ کیا ہے اور اس کے ذریعے بے شمار لاعلاج مریضوں کا شافی و کافی علاج بھی فرمایا ہے۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل اور ابتلاء میں مبتلا ہے اور ذہنی بے سکونی سے دوچار ہے اور ان کے حل کے لیے سرگرداں ہے لہٰذا اس صورت حال میں امید واثق رکھتا ہوں کہ یہ کتاب ان پریشان حال لوگوں کی پریشانیوں، مشکلات اور ان کو لاحق ہمہ گیر نا علاج بیماریوں کے لیے شافی و کافی ثابت ہوگی اور ان کے لیے باعث نجات و شفاء بنے گی۔

میں ان تمام اولیائے عظام و مشائخ کا بھی بے حد مشکور ہوں جن کی
کتابوں اور کتب سے میں نے اس کتاب کی تیاری کے لیے استفادہ کیا ہے میں اپنے
پیشوا اور رہبر و رہنما کے علاوہ اپنے سلسلہ کے تمام بزرگان کا بھی بے حد مشکور ہوں
جن کے زیر سایہ بندہ عاجز اس کتاب کے مرتب کرنے کے قابل ہوا ہے۔

میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بفضیلت سورہ کوثر اور اپنے پیارے حبیب ﷺ
کے توسل سے کل امت محمدیہ کو شفاء کاملہ عطا فرمادے اور ان کی ہر مشکل و پریشانی دور
فرمادے۔ (آمین ثم آمین)

دعائے خیر کا طالب

محمد جاوید شیخ

سورۃ کوثر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝

اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝

بے شک! ہم نے آپ ﷺ کو کوثر عطا کر دیا۔ پس آپ ﷺ اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔ بے شک! تمہارا دشمن ہی بے نام و نشان ہوگا۔

شان نزول

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بطن سے حضور نبی کریم، سرور عالم ﷺ کی چار بیٹیاں، حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت کلثومؓ، حضرت فاطمۃ الزہراؓ اور دو بیٹے حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ تھے جن کا لقب طیب اور طاہر تھا، پہلے حضرت قاسمؓ کا انتقال ہوا پھر حضرت عبداللہؓ بھی داغ مفارقت دے گئے اس پر کفار ان مکہ بالخصوص آپ ﷺ کے حقیقی چچا ابولہب، ان کی بیوی، عاص بن وائل، ابوجہل، عقبہ بن ربیعہ اور گستاخ رسول ﷺ ولید بن مغیرہ نے بے حد خوشی منائی اور علی الاعلان آپ ﷺ پر طعنہ زنی کی اور ٹھٹھا لگایا اور خانہ کعبہ میں کھڑے ہو کر علی الاعلان کہا کہ اب محمد ﷺ کی نسل ختم ہو گئی ہے اور ان کی جڑ کٹ گئی ہے۔ جس سے آپ

سورۃ کوثر

ﷺ بے حد رنجیدہ ہوئے اس موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی دل جوئی فرمائی اور
حضرت جبرئیل علیہ السلام سورہ مبارکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لے کر حاضر ہوئے اور
فرمایا کہ آپ ﷺ رنجیدہ نہ ہوں ہم نے آپ ﷺ کو خیر کثیر اور کوثر عطا فرمایا ہے اور
آپ ﷺ کا دشمن ہی بے نام و نشان ہے۔

تشریح

علماء و تفسیر نے سورہ کوثر کی جو تشریح فرمائی ہے اس کے مطابق کوثر سے مراد خیر کثیر ہے۔
نبوت کے ابتدائی دور میں مسلمانوں کو عموماً اور حضور رسول کریم ﷺ کو بالخصوص
شدید ترین مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔ پوری قوم دشمنی پر تل گئی تھی، ہر طرف سے مصائب
کے پہاڑ تبلیغ اسلام کی راہ میں حائل ہو گئے ہر طرف سے مخالفت کا طوفان برپا تھا اور خود
رسول اکرم ﷺ اور آپ کے چند مٹھی بھر ساتھیوں کو دور دور تک کہیں کامیابی کے آثار
نہیں آتے تھے۔ ایسے کٹھن حالات میں جب حضور رسول کریم ﷺ کے اکلوتے
صاحبزادے کا بھی انتقال ہو گیا تو آپ ﷺ بے حد رنجیدہ ہوئے، آپ ﷺ کے
چچا ابولہب نے جو اس وقت خاندان مطلب کا سربراہ تھا اس نے بے انتہا خوشی منائی اور
قریش کو حرم شریف میں اکٹھا کر کے بے انتہا خوشی کے ساتھ سارا قصہ مزے لے لے کر
کو سنایا اور آپ ﷺ کا تمسخر اڑایا اور اس کا ساتھ دیتے ہوئے ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل، ابوجہل اور عقبہ وغیرہ بھی بلند آواز سے آپ ﷺ پر کسے جس سے آپ ﷺ
رنجیدہ ہوئے۔

اس موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تسلی اور بشارت دی کہ ہم نے آپ
ﷺ کو خیر کثیر اور کوثر عطا کیا ہے اور آپ ﷺ کا دشمن ہی بے نام و نشان ہو گا۔

بے شمار نعمتوں کا عطا ہونا

ارشاد ربانی ہوتا ہے۔

''ہم نے آپ ﷺ کو بے انتہا خیر اور بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے اس میں اخلاق کی وہ بے نظیر خوبیاں بھی شامل ہیں جو حضور ﷺ کو بخشی گئیں۔ اس میں نبوت اور قرآن اور حکمت کی وہ عظیم نعمتیں بھی شامل ہیں جو آپ ﷺ کو عطا کی گئیں اس میں توحید اور دین اسلام کی نعمت بھی شامل ہے بیت اللہ شریف کی نعمت عظمیٰ کے علاوہ وہ آپ ﷺ کا ذکر بھی دنیا اور آخرت میں بلند کر دیا گیا ہے اور اس کا ذکر ورفعنا لک ذکرک کہہ کر دونوں جہانوں میں نمایاں کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ جو ''خصوصی نعمت'' آپ ﷺ کو عطا کی وہ آپ ﷺ کی روحانی اولاد (مسلمانوں کی صورت میں تا روز محشر تک کے لیے عطا فرمائی جس سے قیامت تک آپ ﷺ کا نام روشن اور بلند ہوتا رہے گا جبکہ آپ ﷺ کی صرف ایک صاحبزادی حضرت فاطمۃ الزہراؓ سے جسمانی اولاد بھی عطا فرمائی جن کی نسل دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہے اور جس کا سارا سرمایہ افتخار ہی حضور ﷺ سے نسبت رکھتا ہے۔

سفر معراج میں عطا کیگی

حضور رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

''سفر معراج کے دوران میں ایک نہر پر پہنچا، اس کے دونوں کناروں پر خولدار موتیوں کے ڈیر لگے تھے۔

میں نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا، یہ نہر کیسی ہے؟''

انہوں نے جواب دیا۔

''یہ کوثر ہے (جو اللہ نے آپ ﷺ کو دی ہے) (رواہ انس من بخاری جلد دوم)

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ سے مراد

حضرت عائشہ صدیقہؓ سے ابوعبیدہؓ نے اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ میں کوثر کے کیا مراد ہے؟ پوچھا۔

انہوں نے فرمایا "کوثر ایک نہر ہے جو تمہارے پیغمبر ﷺ کو ملی ہے اس کے دونوں کناروں پر خولدار موتی (کے ڈیرے) ہیں، وہاں تاروں کے شمار میں کوزے (آبخورے) رکھے ہیں۔ (رواہ ابواسحٰق از عبیدہؓ عن بخاری شریف)

کوثر.....ایک اعلیٰ بھلائی

برواہ حضرت سعید بن جبیرؓ، کوثر سے مراد ایک ایسی اعلیٰ بھلائی ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضور رسول کریم ﷺ کو دی ہے۔ جس پر ابوالبشرؓ نے حضرت سعید بن جبیرؓ سے استفسار کیا، لوگ تو کہتے ہیں کہ اس سے مراد ایک نہر ہے بہشت میں۔

سعید بن جبیرؓ بے شک! یہ بہشت میں ایک نہر ہے جو بھلائی میں شامل ہے اور جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔ (عن بخاری شریف)

سورہ کوثر کے نزول پر حضور ﷺ کا مسکرانا

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ ایک دن مسجد نبوی میں حضور رسول کریم ﷺ کے ساتھ تشریف فرما تھے اچانک آپ ﷺ پر غنودگی سی طاری ہوئی، پھر آپ ﷺ مسکراتے ہوئے سر مبارک اٹھایا ہم نے عرض کیا۔

"یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کیوں مسکرائے؟"

"ابھی ابھی مجھ پر سورہ کوثر نازل ہوئی ہے" پھر آپ ﷺ نے سورہ کوثر کی
ت فرمائی اور فرمایا:

"کیا تم جانتے ہو کوثر کیا ہے؟"

ہم نے عرض کیا "خدا اور اس کا رسول ہی جانتے ہیں"

آپ ﷺ نے فرمایا:

"یہ وہ نہر ہے جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا تھا وہ حوض کی مانند ہے
ت کے دن میری امت اس پر آئے گی۔ انکے پینے کے برتن ستاروں کی تعداد کے بقدر
ے گے۔" (رواہ عن مسلم وکذا فی التذکرۃ للقرطبی ص ۳۳۹)

حوض کوثر

فرمان رسول ﷺ سے مراد ایک تو حوض کوثر ہے جو قیامت کے روز میدان حشر
آپ ﷺ کو ملے گا۔

دوسرے نہر کوثر جو جنت میں آپ ﷺ کو عطا فرمائی جائے گی حوض کوثر کے
ے میں حضور رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

"اس کا پانی دودھ سے بڑھ کر سفید، برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ میٹھا
ہوگا اس پر اتنے کوزے رکھے ہوں گے جتنے آسمان پر تارے ہیں جو اس کا پانی پی لے گا پھر
سے کبھی پیاس نہ لگے گی"

تو انہوں نے جواب دیا:

"یہ خیر کوثر ہے" جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمائی ہے۔

فَصَلِّ لِرَبِّکَ سے کیا مراد ہے؟

مفسرین کے مطابق اس سے مراد شب معراج میں نماز پنجگانہ لی ہے جبکہ بعض نے اس سے مراد بقر عید کی نماز لی ہے مقصد یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اس قدر بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے تو ان نعمتوں کا شکر ادا کرو اور شکر ادا کرنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے نماز ہی ایک ایسی عبادت ہے جس میں بندے کا تعلق براہ راست خدا سے قائم ہوتا ہے اور بندہ اس کی بارگاہ میں حاضری دیتا ہے اس کی روحانی اور باطنی اصلاح ہوتی ہے درجات میں بلندی ہوتی ہے نماز اخوت، بھائی چارے اور تنظیم و اطاعت امیر کا سبق دیتی ہے۔

نماز مومن کی معراج اور دین کا ستون ہے اور اس سے بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

وَانْحَرْ سے کیا مراد ہے؟

وَانْحَرْ سے مراد مفسرین نے قربانی دینا لیا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جس ماحول میں یہ خطاب آپ ﷺ کو دیا گیا تھا اس وقت مشرکین قریش ہی نہیں تمام عرب کے مشرکین بلکہ موعود دنیا بھر کے مشرکین اپنے خود ساختہ معبودوں کی عبادت کرتے تھے اور انہی کے آستانوں پر قربانیاں چڑھاتے تھے جبکہ مسلمانوں کا رویہ اس کے برعکس قرار دیا گیا اور ساتھ ہی ارشاد ربانی ہوا۔

"اے نبی ﷺ فرما دیجئے کہ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ کے لیے ہے جو رب العلمین ہے جس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کا مجھے حکم دیا گیا

ہے اور میں سب سے پہلے سر اطاعت جھکانے والا ہوں"

قرآن کی سچی پیشین گوئی

اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ سے مفسرین نے یہ بات واضح طور پر بیان کی ہے کہ اس سورۃ کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا خطاب آپ ﷺ کے وہ دشمن ہیں جنہوں نے آپ ﷺ کا حضرت قاسمؓ کے انتقال پر تمسخر اور ٹھٹھا اڑایا تھا اور کہا تھا کہ آپ ﷺ کی جڑ (نسل) منقطع ہوگئی ہے اور نسل کا قطع ہونا ان کے نزدیک بے اصل ہونا تھا۔ لیکن یہ ان کی بہت بڑی بھول تھی۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ کے ذریعہ آپ ﷺ کو تسلی دیتے ہوئے واضح الفاظ میں یہ پیش گوئی کر دی کہ عنقریب تمہارے دشمن بے نام و نشان ہوں گے۔

جو لوگ آپ ﷺ کو ابتر (بے نام و نشان) کہتے ہیں درحقیقت وہ خود ابتر ہیں اور قرآن پاک کی پیشین گوئی چند سال کے اندر اندر پوری ہوگئی حالات نے پلٹا کھایا اور سن ۸ ہجری میں جب حضور رسول کریم ﷺ نے مکہ پر چڑھائی کی تو قریش کا کوئی حامی و مددگار نہ تھا اور انہیں بے بسی کے ساتھ ہتھیار ڈالنے پڑے تھے اور سن ۹ھ میں پورا ملک عرب حضور رسول کریم ﷺ کے ہاتھ میں تھا، ملک کے کونے کونے سے قبائل کے وفود آ کر بیعت کر رہے تھے اور آپ ﷺ کے دشمن بے بس ہو کر رہ گئے اور ایسے بے نام و نشان ہوئے کہ ان کا اور انکی اولاد کا نام لیوا بھی دنیا میں کوئی نہ رہا اور نہ ہی ان کی اور ان کی اولاد کی پہچان دنیا میں کہیں بھی نظر آتی ہے اور کوئی بھی یہ کہنے کو تیار نہ ہے کہ یہ لوگ بھی دنیا میں موجود ہیں۔

آل رسول ﷺ کی شان اعلیٰ

بمقابلہ آل رسول ﷺ پر دنیا بھر میں درود بھیجا جا رہا ہے، کروڑوں مسلمانوں کو آپ ﷺ کی نسبت پر فخر ہے کروڑوں مسلمان آپ ﷺ ہی سے نہیں بلکہ آپ ﷺ کے ساتھیوں کے خاندانوں تک سے نسبت کو باعث شرف سمجھتے ہیں کوئی سید ہے، کوئی علوی ہے، کوئی عباسی ہے، کوئی ہاشمی ہے کوئی صدیقی ہے، کوئی فاروقی، کوئی عثمانی، کوئی رضوی اور کوئی انصاری۔

تاریخ عالم نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ اگر حضور رسول کریم ﷺ (توبہ نعوذ باللہ) نہیں ہیں بلکہ آپ ﷺ کے یہی وہ دشمن تھے جنہوں نے حرم شریف میں آپ ﷺ کا تمسخر اڑایا تھا اور آج بھی ہیں اور تا روز محشر تک رہیں گے کیونکہ یہ فرمان ربی ہے جو کبھی بھی غلط نہیں ہو سکتا۔

دشمنان رسول اللہ ﷺ کا حشر

ان تمسخر اڑانے والے دشمنان رسول اللہ ﷺ پر ایک نظر ڈالنے سے ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کا حشر چند سالوں کے اندر اندر کیا ہوا۔

(۱) ابولہب جس کے متعلق قرآن پاک میں باقاعدہ سورہ "تبت یدا ابی لھب" نازل ہوئی انتہائی ابتر حالت میں بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ کتے سے بھی بدتر حالت میں مرا اور اس کی اولاد کا نام و نشان اور شجرہ تک نہیں ملتا۔

(۲) عاص بن وائل انتہائی ذلالت کی حالت میں مرا اور اس کی اولاد کا حال کوئی نہیں جانتا۔

(۳) عقبہ بن ربیعہ جنگ بدر میں حضرت علیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا اور ذلیل و خوار ہوا اس

کی اولاد میں سے بھی کوئی نشان نہیں ملتا۔

(۴) ولید بن مغیرہ جس کے متعلق قرآن پاک میں پارہ ۲۹ سورہ نون میں [illegible] یعنی حرام زادہ قرار دیا گیا تھا کتنے سے بھی بدتر حالت میں مرا اور جس کی اولاد کا نشان تک نہیں ملتا۔

(۵) ابوجہل جو غزوہ بدر میں معاذ اور معوذ ابن عفراء انصاری بھائیوں کے ہاتھوں کتے کی موت مرا اور اس کی لاش پر گدھ منڈلاتے رہے اس کی اولاد میں سے صرف عکرمہؓ بن ابی جہل فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے اور بامور سپہ سالار کی حیثیت سے نام کمایا ان کے علاوہ دنیا میں اس کی دوسری کسی بھی اولاد کا تذکرہ تک نہیں ملتا۔

یہی کچھ وہ مقام عبرت ہے کہ وہ بفرمان الٰہی بے نام و نشان بن گئے۔

(بیان القرآن)

☆☆☆

فضائل سورہ کوثر

(احادیث مبارکہ کی روشنی میں)

وَقَوْلَ اللّٰہِ تَعَالٰی : اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ

اور اللہ تعالیٰ نے سورہ کوثر میں فرمایا ہم نے تجھ کو کوثر دیا۔

(عبداللہ بن زید مازنی از بخاری)

حوض کوثر پر ملاقات

عبداللہ بن زید مازنیؓ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اصحاب انصارؓ سے فرمایا:

"تم اس وقت تک کے لیے صبر سے کام لو جب تک کہ مجھ سے حوض کوثر پر نہ ملو"

حوض کوثر پر پیش خیمہ

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ:

"میں حوض کوثر پر تمہارا پیش خیمہ ہوں گا"

(عن عبداللہ بن بجلیؓ، عبداللہ بن مسعودؓ از بخاری)

دین میں نئی باتیں نکالنے والوں کا انجام

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ

"میں حوض کوثر پر تمہارا انتظار کروں گا اور کچھ لوگ تم میں سے ایسے ہوں گے جو حوض کوثر پر لائے جائیں گے، اتنے میں وہ ہٹا دیئے جائیں گے، میں عرض کروں گا، پروردگار، یہ لوگ میرے ہیں (میری امت والے ہیں)

اس وقت فرشتے کہیں گے، تم نہیں جانتے، انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا باتیں نکالیں"

(عن ابوحذیفہؓ از بخاری و مسلم)

سب سے بڑا حوض

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ

"تمہارے سامنے قیامت کے دن میرا حوض ہوگا وہ اتنا بڑا ہے جتنا جربا سے ادرح تک فاصلہ ہے۔

(عن عبداللہ بن عمرؓ از بخاری و ترمذی)

خیر کثیر..... بہت بھلائی

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ

"اللہ تعالیٰ نے مجھے بہشت میں ایک نہر عطا فرمائی ہے جن کا نام کوثر ہے اور کوثر سے مراد خیر کثیر یعنی بہت بھلائی ہے۔

(عن سعید بن جبیرؓ از بخاری و ابوداؤد)

مشک سے زیادہ خوشبودار

ارشاد رسول ﷺ ہے کہ

"میرا حوض ایک مہینہ کی راہ پر ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہے اور مشک سے زیادہ خوشبودار، اس پر آسمان کے ستاروں کے شمار میں کوزے (آبخورے) رکھے ہوئے ہیں جو کوئی اس حوض کا پانی پیئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ (عن عبداللہ بن عمرؓ از بخاری و مسلم)

حوض کوثر کی وسعت

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ:

"میرا حوض اتنا بڑا ہے جتنا ایلہ سے صنعاء (یہ دونوں بستیاں ملک یمن میں ہیں) اور اس پر آسمان کے تاروں کی گنتی میں (یعنی بے انتہا) آبخورے رکھے ہوئے ہیں۔

(عن انس از بخاری)

مقام پہچان

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ:

"میرے اصحاب رضی اللہ عنہم میں سے کچھ لوگ حوض کوثر پر آئیں گے میں ان کو پہچان لوں گا لیکن وہ اسی وقت ہٹا دیے جائیں گے، میں کہوں گا یا اللہ! یہ تو میرے اصحاب ہیں، ارشاد ہوگا تم نہیں جانتے انہوں نے تمہارے بعد جو نئے فتن کیے (یعنی گناہ)

(عن انس از بخاری و مسلم)

پیاس بجھانے والا

آنحضور رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

"میں حوض کوثر پر تمہارا پیش خیمہ ہوں گا جو شخص (مسلمان) مجھ پر سے گزرے گا وہ اس حوض میں سے پیئے گا اور جو اس میں سے پیئے گا وہ کبھی بھی پیاسا نہ ہوگا۔

(عن ابوہریرہؓ، ابوسعید خدریؓ از بخاری، مسند احمد و ترمذی)

بہشت کے چمنوں میں سے ایک چمن

حضور رسول کریم ﷺ نے فرمایا:

"میرے گھر اور منبر کے درمیان جو جگہ ہے وہ بہشت کے چمنوں میں سے ایک چمن ہوگا (اکھیڑ کر بہشت میں رکھ دیا جائے گا) اور میرا یہ حوض جو دنیا میں ہے یہ قیامت کے دن میرے حوض پر رکھ دیا جائے گا۔" (عن ابوہریرہؓ از بخاری)

حوض کوثر پر اعمال کو دیکھنا اور زمین کی کنجیاں پانا

آنحضرت ﷺ ایک دن مدینے سے باہر نکلے اور احد والوں کے لیے (جو جنگ احد میں شہید ہو گئے تھے) اس طرح دعا کی جیسے میت کے لیے (جنازے کی نماز میں) دعا کرتے ہیں اس کے بعد لوٹ کر منبر پر آئے اور فرمایا:

"لوگو! میں تمہارا پیش خیمہ ہوں اور میں تمہارے اعمال کو دیکھتا رہوں گا اور خدا کی قسم میں تو اپنے حوض کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں اور اللہ تعالیٰ نے مجھ کو زمین کے خزانوں کی کنجیاں عنایت فرمائیں اور خدا کی قسم! مجھ کو اب یہ ڈر نہیں رہا کہ تم میرے بعد مشرک بن جاؤ گے مگر میں ڈرتا ہوں کہیں تم دنیا کے لالچ میں نہ پڑ جاؤ اور ایک دوسرے سے رشک اور حسد کرنے لگو۔ (عن عقبہ بن عامرؓ از بخاری)

ایڑیوں کے بل پھرنے والے

آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

"میں قیامت کے دن حوض کوثر پر وہ کر تم میں سے آنے والوں کو دیکھتا رہوں گا کچھ لوگ ایسے ہوں گے جو میرے نزدیک آ جانے کے بعد پکڑ لیے جائیں گے میں کہوں گا

پروردگار یہ تو میرے لوگ ہیں اور میری امت ہیں۔

فرشتے کہیں گے، آپ ﷺ کیا جانو! انہوں نے جو تمہارے بعد کفر کئے خدا کی قسم! یہ برابر ایڑیوں کے بل اسلام سے پھر رہے"

(نوٹ) بقول امام بخاریؒ: سورہ مومنون میں عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ کے معنی بھی ایڑیوں کے بل الٹے پھرنے والے آیا ہے۔

اس کے بعد حضور رسول کریم ﷺ نے یوں دعا فرمائی۔

"یا اللہ! ہم تیری پناہ چاہتے ہیں اس سے کہ ایڑیوں کے بل پھر جائیں یا دین کے فتنے میں مبتلا ہو جائیں" (عن نافع بن عمرؓ، اسماء بنت نافع اسماء بنت ابی بکرؓ از بخاری)

حشر میں انسان کے اعمال کا اظہار۔ حوض کوثر کی شکل میں

حشر میں انسان کے اعمال اور اخلاق مختلف شکلوں میں ظاہر ہوں گے جن میں بعض کاموں کی شکلیں ہوں گی جن کو تمام روحیں یکساں طور پر سمجھ سکیں گی مثلاً حضور نبی کریمؐ کے نبی ہونے کے بعد جو فیض و ہدایت آپ ﷺ کے ذریعے پھیلی وہ ایک حوض کی شکل میں ظاہر ہوں گی جس میں پانی ہوگا اور یہی حوض کوثر ہے۔ (حجۃ اللہ البالغہ جلد اول ص ۳۷)

حوض کوثر کیا ہے؟

حوض صورت ہدایت و رشدے است کہ از تجلی اعظم بر نفس نفیس حضرت پیغامبر ﷺ ریختہ است از آنجا از راہ قوائے پیغامبر در عالم شہادت جاری شدہ و اوانی حوض صورت قدر ہدایاتے کہ افراد مسلمین قبول آن کردہ اند۔

حوض سے مراد یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے نفس مبارک پر تجلی اعظم سے ہدایت نازل ہوئی اور آپ ﷺ کے قویٰ کے ذریعے سے دنیا میں پھیلی وہ وہاں حوض کی

کی مثالی شکل میں ظاہر ہوگی اور اس حوض میں جو پانی پینے کے برتن ہوں گے وہ تمام مسلمانوں کی قبول کردہ ہدایت ہوگی جو برتنوں کی شکل میں ظاہر ہوگی۔

اسی لیے ارشاد ربانی ہوتا ہے۔

لَقَدْ كَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ۝

(بے شک ہم نے تیرے پردے اتار دیے ہیں اس لیے آج تیری نگاہ تیز ہے)

(البدور البازغہ ص ۱۵۴ فی شرح حجۃ اللہ البالغہ) اور قرآنی دستور انقلاب از عبید اللہ سندھی ص ۴۶، ۴۸)

حوض کوثر مشابہ علم

والحوض هدايته ﷺ تجسدت هناک ماء بمشابهة قوية بين العلم والماء داری ان لكل نبی حوضا غير ان حوض النبی صلی الله عليه و آله وسلم ام الحياض (الخير الكثير ص ۱۱۴)

یعنی حوض کوثر اصل میں حضور نبی کریم ﷺ سے پھیلی ہوئی ہدایت ہے جو عالم مثال میں جا کر پانی کی شکل اختیار کرے گی کیونکہ علم کو پانی سے خاص مشابہت ہے میری رائے میں ہر ایک نبی کا جدا جدا حوض ہوگا البتہ نبی اکرم ﷺ کا حوض سب سے بڑا ہوگا۔

قرآن کی حقانیت کا اعتراف

مکہ میں آغاز نبوت سے قبل یہ رواج عام تھا کہ عرب کے فنون لطیفہ سے تعلق رکھنے والے لوگ حج کے موقعہ پر اپنے اپنے فن سے متعلقہ اشیاء اور کلام شاعری و ادیبانہ وغیرہ تشہیر اور درستگی کے لیے خانہ کعبہ شریف کے اندر چاروں طرف دیواروں پر لٹکایا کرتے

تھے اور ان کی درستگی کے لیے قریش کی طرف سے تین حضرات پر ایک کمیٹی مقرر تھی جس میں ملک الشعراء لبید بن ربیعہ، عالم بے بدل لیکن بعد میں بفرمان رسول ﷺ ابوجہل یعنی عمر بن ابوالحاکم اور عقبہ بن ربیعہ لسان الکہانت و ماہر علوم فنون شامل تھے وہ آیا کرتے تھے اور ہر ایک کلام شاعری، نثری اور دیگر فن پاروں کے نسخہ جات کی تصحیح فرمایا کرتے تھے۔

جن دنوں حضور نبی کریم ﷺ پر سورۃ کوثر کا نزول ہوا اس سے کچھ عرصہ بعد حج کا موقعہ آیا ایسے موقعہ پر قرآن پاک کی اس مختصر سورہ کو تین لائنوں (تین اشعاری مصرعوں) کی صورت میں لکھ کر خانہ کعبہ کے اندر سامنے دیوار پر لٹکانے کا حکم آپ ﷺ نے دیا اور ساتھ ہی یہ فرمایا کہ اس کے نیچے تحریر کر دیں کہ اس کا چوتھا مصرعہ مکمل کر دیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے آپ ﷺ کے فرمان کے موجب اسے خانہ کعبہ کی سامنے والی درمیان کے عین وسط میں لٹکا دیا۔

جب یہ کمیٹی دیگر ادباء اور شعراء کے ساتھ آئی اور اس سورہ مبارکہ کی عبارت تک پہنچی تو عرب کے تمام ادباء اور شعراء اس کی عظمت کلام کے سامنے تصویر حیرت بن گئے۔ ملک الشعراء لبید بن ربیعہ کے منہ سے بے ساختہ یہ جملہ نکلا۔

"ما هذا قول البشر هذا قول الهی"

(یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہے بلکہ کلام الٰہی ہے)

فتح مکہ کے بعد ملک الشعراء لبید بن ربیعہ اسلام کی دولت سے مشرف ہوئے۔

زیارت رسول اللہ ﷺ

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کو زیارت رسول اللہ ﷺ نصیب ہو اس کے لیے [illegible] کرے اس کے بعد رات کو سوئے [illegible] اس کے بعد [illegible] درود شریف [illegible] سو جائے [illegible] زیارت رسول اللہ ﷺ سے مشرف ہوگا۔

[illegible]

اللھم انی اسالک بجلالک وبوجھک الکریم ان ترینی وجہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم وتجمع بینی وبینہ یوم القیامۃ [illegible] لا تفرق بینی وبینہ برحمتک یا ارحم الراحمین

زیارت رسول اللہ ﷺ

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ [illegible] زیارت رسول اللہ ﷺ سے مشرف [illegible]

(۱) [illegible]

(۲) امور شرعیہ اور پنجگانہ نماز کی ہمیشہ پابندی کرے۔

ہر شب جمعہ کو تازہ غسل کرے اور پاک صاف لباس پہن کر تازہ وضو کرے اور اپنے سونے والے کمرے میں باقاعدہ خوشبو لگائے۔

بعد ازاں ۲ رکعت نفل نیت زیارت رسول اللہ ﷺ اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں بعد از فاتحہ، سورہ کوثر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے پھر بعد از سلام پھیرنے کے قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف ذیل پانچ پانچ سو مرتبہ اور درمیان میں سورہ کوثر ایک ہزار مرتبہ دلی محبت کے ساتھ پڑھے اور پھر دائیں کروٹ چہرہ قبلہ رخ کر کے اور داہنا ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھ کر درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی مداومت سے زیارت رسول اللہ ﷺ سے خواب میں باشرف ہوگا۔

اگر حب دل سے ذیل کا عمل ہر شب جمعہ جاری رکھے گا تو بہت جلد ہر روز اپنے آپ کو بارگاہ حضور نبی کریم ﷺ میں حاضر پائے گا۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ مَنْ صَلّٰى عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ۔

سال بھر آفات و بلیات سے محفوظ رہنا

عارفین اہل کشف و کرامات کے بیان کے مطابق ہر سال میں تین لاکھ بلائیں اور بیس ہزار دیگر بلیات نازل ہوتی ہیں اور یہ سب بلائیں بروز چہار شنبہ اخیر ماہ صفر میں نازل ہوتی ہیں اور یہ روز سال بھر کے ایام میں سخت ترین ایام میں سے ہوتا ہے۔

جو شخص سارا سال ان بلاؤں اور بلیات کے شر اور عذاب سے محفوظ رہنا چاہتا ہے۔ اس کے لیے لازم ہے کہ اس روز چار رکعت نماز نفل۔ بہ نیت حفاظت بلیات و آفات اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ، سورہ اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ گیارہ مرتبہ، سورہ اخلاص پانچ مرتبہ، معوذتین (سورہ فلق اور سورہ الناس) ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے اللہ تعالیٰ کے حضور ذیل کی دعا معظم مانگے اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے صدقے میں اس کو سال بھر ان آفات و بلیات کے شر اور ضرر سے محفوظ و مامون رکھیں گے۔ اور کوئی بلا تمام سال اس کے نزدیک بھی نہ پھٹکے گی۔

دعائے معظم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى وَيَاشَدِيْدَ الْمِحَالِ يَاعَزِيْزُ يَامَنْ ذَلَّلَتْ بِعِزَّتِكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ يَامُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُتَفَضِّلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُكْرِمُ يَامَنْ لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِرْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِسِرِّ الْحَسَنِ وَاَخِيْهِ وَجَدِّهٖ وَاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ وَ بَنِيْهِ اَكْفِنِیْ شَرَّ هٰذَا الْيَوْمِ وَمَا يُنْزَلُ فِيْهِ يَا كَافِیَ الْمُهِمَّاتِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ۔

یا اللہ یا شدید القوی یعنی قوی القوت و عظیم الحال یا عزیز درپیش تیری عزت کے ساری خلقت ذلیل و خوار ہے تو اپنی خلق سے میری کفایت اور حمایت کر یا محسن (احسان کرنے والے یا مجمل صاحب خوبیوں کے یا

حفصل صاحب فضل یا منعم صاحب انعام یا مکرم صاحب اکرام دائے
اللہ کہ نہیں ہے کوئی لائق الوہیت کے سوائے تیری کفایت کے اگر رحمت
اپنے یا ارحم الراحمین یا اللہ بواسطہ اسرار حقائق حسنؑ اور ان کے برادر حسینؑ
اور ان کے جد امجد محمدؐ نبی اور ان کے والد ماجد علی علیہم السلام اور ان کی
والدہ ماجدہ اور ان کی اولاد اطہار یا کافی تو میری کفایت اور حمایت کرے
گا ان لوگوں سے کہ وہ شنوا اور دانا ہے اور تو ئی کافی ہے اور میں پناہ مانگتا
ہوں پوری قوت کے ساتھ ان تمام آفات و بلیات کے بطفیل تیری عظیم
قوت اور طاقت کے اور آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ کے۔

برائے دفعیہ نظر بد

جس کسی شخص مرد یا عورت یا بچہ کو نظر بد لگ جائے اور وہ سخت تکلیف میں ہو تو اس
کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عمل نافع ہے۔

ایک انڈہ مرغی لیں اور اس پر باریک قلم سے یہ عبارت لکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ۝

ایک مرتبہ اور هَلْكَحْ فَوْعِ (سات مرتبہ) لکھیں۔ عبارت اول کو
سات بار پڑھ کر اس پر دم کریں اور اس کو اپنے کف دست میں رکھ کر اس
کے نیچے خشک دھنیا کا بھور دیں اور سورہ کوثر بلا تعداد پڑھنا شروع کر دیں
یہاں تک کہ انڈا ہتھیلی پر خود بخود کھڑا ہو جائے۔

بعد ازاں اس انڈہ کو توڑ ڈالیں اگر اس کے اندر ایک نقطہ خون سرخ کا نظر آئے تو

جان لو کہ وہی نظر بد ہے اب اس کو نظر لگے ہوئے فرد کی پیشانی پر رگڑ دیں اور اچھی طرح باش کریں انشاء اللہ تعالیٰ وہ نظر گریفتہ اس عمل سے بحکم الٰہی تندرست ہو جائے گا۔ اور آئندہ کے لیے نظر لگنے سے محفوظ ہو جائے گا۔

رغبت زنا کے خاتمے کے لیے

اگر کوئی مرد یا عورت زنا جیسے مکروہ فعل میں مبتلا ہو اور کسی طور پر بھی اس عمل بد سے باز نہ آتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اس زانی یا زانیہ کا وہ کپڑا لیں جو اس نے پہنا ہوا ہو اور اس میں سے اس کے پسینے کی بو آتی ہو۔ اس کپڑا پر سورہ مائدہ کی آیات ذیل لکھیں اور ساتھ میں سورہ کوثر بطریق ذیل لکھیں اور پھر انہیں آیات اور سورہ کوثر کو اس زانی یا زانیہ کے نام معہ والدہ کے حروف کے اعداد کے مطابق پڑھ کر اس کپڑہ پر دم کریں اور بعد ازاں کلمات ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کپڑے پر دم کریں اور پھر اس کپڑے کو قبرستان میں جا کر کسی انتہائی بوسیدہ پرانی قبر میں دفن کر دیں اور دفن کرتے وقت یہ کلمات ادا کریں۔

كَمَا مَاتَ صَاحِبُ هٰذَا الْقَبْرِ بِمَوْتِ الزِّنَا وَحُبُّهٗ مِنْ قَلْبِ فُلَانَةَ اَوْ فُلَانٍ۔

جس طرح یہ قبر والا مر گیا ہے یہ زنا بھی مر جائے اور اس کی رغبت فلاں مرد یا فلاں عورت (زانی یا زانیہ کا نام لیں) کے دل سے فوت ہو جائے انشاء اللہ اس عمل سے اس زانی یا زانیہ کے دل سے زنا کی رغبت کا خاتمہ ہو جائے گا اور وہ عمل زنا سے متنفر ہو جائے گا۔ (ہو جائے گی)

آیات سورہ مائدہ

یا ایھا الذین امنوا اوفوا بالعقود احلت لکم بھیمۃ الانعام

سورہ کوثر کا طریقہ

انا اعطینک الکوثر ہ فصل لربک وانحر ہ ان شانئک ھو الابتر فلان بن فلان فی الزنا الحرام حتم شوہ ابتر

(فلاں بن فلاں کی جگہ زانی یا زانیہ اور اس کی ماں کا نام لیں)

کلمات مبارکہ

اللھم بحق ھذہ الایۃ والسورۃ الکوثر اصنع الزنا والزنیٰ من قلب فلانۃ او فلان فانک فعال لما تشاء وانت ارحم الراحمین

یا اللہ بحق اس آیات اور سورہ کوثر کے عادت زنا اور خواہش بد کو مٹا دے دل سے فلاں جو دختر فلاں عورت کی ہے یا دل سے فلاں مرد کے جو پسر فلاں عورت کا ہے (زانی یا زانیہ میں سے جو بھی ہو اس کا اور اس کی ماں کا نام لیں)

کیونکہ جو کچھ تو چاہتا ہے وہی کرتا ہے یعنی جو تیری مشیت میں ہے وہی ہوتا ہے اور تو ارحم الراحمین ہے۔

حفاظت از دشمنان

جو شخص اپنے دشمنوں کے ہاتھوں نقصانات اٹھاتا رہتا ہے اور چاہے کہ اس کے دشمن آئندہ اس کو کسی بھی قسم کا ضرر نہ پہنچا سکیں تو اس کے لیے ذیل کا نقش سورہ کوثر بے حد نافع اور مفید ہے۔

نقش یہ ہے۔



فلاں بن فلاں کی جگہ دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

اس نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں اور اس کا ہدیہ اکیس روپیہ فقراء میں راہ اللہ تقسیم کر دیں۔

دفعیہ تپ دق

اگر کسی شخص کو تپ دق کا عارضہ ہو اور اسے کسی بھی طرح آرام نہ آتا ہو تو اس کے لیے مشائخ عظام کا بتلایا ہوا ذیل کا عمل بے حد مفید ہے اور اکسیر ہے۔ درجہ اول کے تپ دق میں یہ عمل ایک بار ہی فائدہ دیتا ہے۔ جبکہ درجہ دوم کے تپ دق میں یہ عمل مسلسل تین ہفتے تک (ہفتہ میں ایک بار) کرنا ضروری ہے اور درجہ سوم یعنی آخری درجہ کے تپ دق میں یہ عمل سات ہفتہ مسلسل (ہفتہ میں ایک بار) کرنا ضروری ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت تپ دق جیسے موذی مرض سے مکمل نجات مل جائے گی طریقہ یہ ہے۔ سفید کاغذ کے تین پرچے لیے جائیں اور ان پر کالی سیاہی سے اس

طرح ہر پرچے پر علیحدہ علیحدہ الفاظ لکھیں جائیں۔

پہلا پرچہ

ب س م ال ل و ال رح م ن ال رح ی م

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ

دفع شود تپ حرز دفع شود

دوسرا پرچہ

ب س م ال ل و ال رح م ن ال رح ی م

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ

دفع شود تپ حرز دفع شود

تیسرا پرچہ

ب س م ال ل و ال رح م ن ال رح ی م

اِنَّا شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ

دفع شود تپ حرز دفع شود

طریق استعمال

پہلے روز پہلے پرچہ کا فتیلہ بنا کر مریض کو دھونی دیں۔

دوسرے روز دوسرے پرچہ کا فتیلہ بنا کر مریض کو دھونی دیں۔

تیسرے روز تیسرے پرچہ کا فتیلہ بنا کر مریض کو دھونی دیں۔

اگر مرض کی ابتداء ہو تو اس صورت میں اگر پہلے روز ہی مرض سے چھٹکارا ہو جائے تو بقیہ دوسرے پارچوں کی دھونی نہ دیں۔

ہلاکی ظالم دشمن

جس کسی کا دشمن بے حد ظالم ہو اور کسی طور پر بھی اپنے ظلم و ستم سے باز نہ آتا ہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے خلوت میں جہاں کسی کے دخل کا امکان بالکل نہ ہو آدھی رات کو باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل بہ نیت ہلاکی دشمن پڑھے بعد از سلام پھیرنے کے اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور درمیان سورہ کوثر ہزار مرتبہ اس طرح پڑھے کہ ہر سو مرتبہ کے بعد کلمات ذیل اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَلَطْتُ رُوْحَانِیَّۃَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ حَارِّھَا وَیَابِسِھَا عَلٰی رُوْحِ کَذَا وَ کَذَا الظَّالِمِ ہ (اے میرے خداوند! میں نے اس سورہ کی روحانیت اور تاثیر اور اس کی گرمی اور خشکی کو اس شخص (کذ و کذا کی جگہ اس کا اور اس کی ماں کا نام لے کر) اوپر روح فلاں ظالم کے مسلط کیا۔

بعد از خاتمہ عمل اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کا دشمن چند یوم کے اندر اندر ہلاک ہو جائے گا مگر یہ بات یاد رکھیں کہ ناجائز عمل نہ کیا جائے ورنہ مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

ظالم حاکم کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لیے

جس کسی محکوم کو ظالم حاکم یا آفیسر کے ظلم و ستم اور شر کا خطرہ ہو بعد وہ اس کا سامنا کرنے سے گھبراتا ہو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اول دو رکعت نماز نفل حاجت رات کو ادا کرے اور ہر رکعت

میں بعد از سورہ فاتحہ، سورہ کوثر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر نماز ادا کرے۔ بعد از سلام پھیرنے کے اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ سورہ کوثر تین سو تین مرتبہ اور سورہ اعراف کی آیات ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر تصور میں اس حاکم کے اوپر دم کرے بعد از اں اللہ کے حضور دعا حضوری قلب سے کرے۔

پھر سورہ کوثر اور سورہ اعراف کی انہی آیات کو سفید کاغذ پر زعفران و مشک سے لکھے اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے ان کو اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے یہ عمل نوچندی بدھ یا جمعرات کو کیا جائے اب جب بھی اس کا آفیسر یا حاکم کے سامنے جانا ہو اس سورہ کوثر کو بمعہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ معہ درود پاک ذیل سات مرتبہ پڑھے اور اپنے اوپر پھونک لگا لے۔ بعد از اں دعا ذیل صدق دل سے اللہ تعالیٰ کے حضور مانگے اور اس کے بعد سورہ اعراف کی انہی آیات کو تلاوت کرتا ہوا اس حاکم یا آفیسر کے روبرو چلا جائے وہ حاکم نہایت ہی مہربانی سے پیش آئے گا اور کسی بھی قسم کا شر بفضل تعالیٰ نہ پہنچا سکے گا۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُعِلُّ بِھَا غُفْلَتِیْ بِھَا کُرْبَتِیْ وَتُقْضِیْ بِھَا حَاجَتِیْ...

آیات مبارکہ

وَلَمَّا سَکَتَ عَنْ مُّوْسَی الْغَضَبُ اِلٰی یَرْھَبُوْنَ

دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِھَیْبَۃِ عَظَمَتِکَ وَبَسْطَوَۃِ جَلَالِکَ اَنْ تَجْعَلَ مَحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِ ھٰذَا اَوْ فُلَانٍ (حاکم کا نام لیں) وَ اَلْقِ الْمَوَدَّۃَ

وَالْمَعْنَةَ فِیْ قَلْبِہٖ وَعَطْفَہٗ عَلٰی بِفَضْلِکَ یَا کَرِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

وفعیہ تپ لرزہ

جو کوئی تپ لرزہ اکثر و بیشتر میں بخار رہتا ہے اور کسی طرح سے آرام نہ آتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی صفید یشمی پارچہ پر زعفران و گلاب سے سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف اور ذیل کی دعا لکھیں اور اس کو خوشبو لگائیں بعد ازاں اس پر سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود و اشفاء ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے تپ لرزہ کے مریض کے دائیں بازو پر باندھ دیں۔ گیارہ روپیہ ہدیہ فقراء میں راہ اللہ تقسیم کر دیں انشاء اللہ تپ لرزہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور مریض اس مرض سے شفاء کاملہ پائے گا۔

درود پاک شفاء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِیَائِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقِ

دعا

بَرَاءَۃٌ مِنَ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ اِلٰی اُمِّ مِلْدَمِ الَّتِیْ تَاْکُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَھْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ کُنْتِ مُؤْمِنَۃً بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِنْ کُنْتِ

یَھُوْدِیَّۃُ فَبِحَقِّ مُوْسَی الْکَلِیْمِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاِنْ کُنْتِ نَصْرَانِیَّۃُ فَبِحَقِّ الْمَسِیْحِ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنْ لَا اَکُلْتِ بِفُلَانِ بْنِ فُلَانَۃَ (یہاں مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں) یَعْمًا وَلَا تَشْرِبْتِ لَہٗ دَمًا وَلَا تَسْمَتِ لَہٗ عَظْمًا وَاِنْ تَعْزِلِیْ عَنْہُ اِلٰی مَنِ اتَّخَذَ مَعَ الرَّحْمٰنِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِیْئَۃٌ مِنَ اللّٰہِ وَبَرِیْءٌ مِنْکِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ ہ

حوض کوثر سے آب کوثر پانا

حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ بروز قیامت حوض کوثر سے آب کوثر سے اپنی پیاس بجھائے تو اس کے لیے لازمی ہے کہ وہ ذیل کا عمل بکثرت اختیار کرلے اور اس کی مداومت کثرت سے کرے اس مقصد کے لیے اول درود پاک ذیل تین سو تیرہ مرتبہ، پھر سورہ کوثر لاتعداد بار اور آخر میں یہی درود پاک تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ رات کو بعد از نماز عشاء مداومت کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بروز قیامت حضور رسول کریم ﷺ اس عمل کی بدولت حوض کوثر سے آب کوثر پلائیں گے۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

ہر مقصد کے لیے کفایت

اگر کسی شخص کو کسی بھی قسم کی خاص مشکل درپیش ہو اور اس کا مقصد کسی بھی طرح حاصل نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور آزمودہ ہے۔ اس عمل کی برکت اللہ تعالیٰ اس کے مقصود کو بخوبی حل فرما دیں گے۔

طریقہ: بعد از ادائیگی نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعد سلام پھیرنے کے اول درود پاک ذیل پانچ صد مرتبہ، سورہ کوثر ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پھر درود پاک ذیل پانچ صد مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد دعائے حاجت ذیل مانگیں۔

انشاء اللہ گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے مقصود حل ہو جائے گا۔ اور اگر اس کی مداومت روزانہ رکھی جائے تو دین و دنیا میں سرفرازی کے علاوہ اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے مدد فرمایا کریں گے اور محتاجگی نزدیک نہیں آئے گی۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّ خَلَائِقِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا۔

دعائے حاجت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاللّٰہِ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ بِالْقَوْلِ الَّذِیْ قُلْتَہٗ فِیْ حَقِّ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ اَنْ تَشْرَحَ لِيْ صَدْرِيْ
وَبِالْاِسْمِ الَّذِيْ شَرَحْتَ بِهٖ صَدْرَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْكَوْثَرِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِالْاِسْلَامِ يَاسَلَامُ يَا سَلَامُ يَامُؤْمِنُ يَامُهَيْمِنُ
يَااللّٰهُ (تین مرتبہ) اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ فِيْ حَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ الْكَوْثَرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَاوِزْرَ مَنْ وِزْرَ لَهٗ
يَااللّٰهُ (تین بار) اَسْئَلُكَ بِكَلَامِكَ الْقَدِيْمِ الَّذِيْ لَيْسَ بِمَخْلُوْقٍ
وَبِقَوْلِكَ لِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْكَوْثَرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
الَّذِيْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ يَاظَاهِرُ يَابَاطِنُ يَامَنْ لَايَخْفٰى عَلَيْكَ حَالِيْ
اَخْفٰى مِنْ اَبْصَارِ الظَّالِمِيْنَ يَااللّٰهُ (تین بار) وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ
الَّذِيْ رَفَعْتَ بِهِ السَّمٰوٰتِ وَبَسَطْتَ بِهِ الْاَرْضِيْنَ وَبِقَوْلِكَ
لِحَبِيْبِكَ يَاذَاكِرُ اُذْكُرْنِيْ بِذِكْرِ الذَّاكِرِيْنَ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ
قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَاخَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ
اَنْتَ وَقَايَتِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ يَااللّٰهُ (تین مرتبہ) اَسْئَلُكَ بِحُكْمِ
كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ يَاعَزِيْزُ اَعِزَّنِيْ بِاِعْزَازِ عِزَّةِ قُدْرَتِكَ وَيَسِّرْلِيْ
اُمُوْرَ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ يَاخَيْرَ مَنْ يُّرْبِيْ يَااللّٰهُ (تین بار) اَسْئَلُكَ اَنْ
تُيَسِّرَ لِيْ كُلَّ مَا تَعَسَّرَ عَلَيَّ بِتَيْسِيْرٍ مِنْكَ يَااللّٰهُ (تین بار)
اَسْئَلُكَ بِالرَّاغِبِيْنَ اِلَيْكَ وَبِالْاٰيٰتِ الْبَيِّنَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ اَنْ
تُخْفِيَنِيْ عَنْ اَبْصَارِ مَنْ يُّرِيْدُنِيْ بِسُوْءٍ مِنْ جَمِيْعِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ
وَاَنْ تُسَخِّرَلِيْ خَادِمَ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالْاَسْمَاءِ فِيْ جَلْبِ
الرِّزْقِ اِلٰى حَيْثُ كُنْتَ يَامُعِيْنُ وَاعْطِفْ قُلُوْبَ عِبَادِكَ عَلَيَّ

اَجْمَعِیْنَ وَفِیْ دَفْعِ جَمِیْعِ الْمَضَارِ عَنِّیْ یَالَطِیْفُ یَا حَفِیْظُ یَامُبِیْنُ یَااللّٰہُ (تین بار) یَاوَدُوْدُ (تین بار) یَا رَبِّ یَاوَدُوْدُ یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ (تین بار) یَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ یَامَنْ ھُوَ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلَاءَ تْ بِہٖ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَاَسْئَلُکَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قُدِّرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَاَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآاِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ وَمِنْ عَذَابِکَ اَسْتَجِیْرُ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَااللّٰہُ (تین بار) بِرَحْمَتِہٖ مِنْکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ بِرَحْمَتِکَ اَرْجُوْا فَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ اَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ کُلَّہٗ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ.

قضائے حوائج

برائے قضائے حوائج ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکثیر ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء خلوص نیت حاجت دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ، سورہ کوثر ستر ستر مرتبہ پڑھیں بعد از سلام پھیرنے کے کثرت سے الحمد للہ و استغفر اللہ پڑھیں جہاں تک ہو سکے کثرت اختیار کریں یہاں تک کہ بے حال ہو جائیں اس کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر خشوع و خضوع سے ذیل کی دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ تین سے گیارہ یوم کے اندر حاجت خزانہ غیب سے پوری ہو جائے گی۔

دعا

اَللّٰھُمَّ یَاجَامِعَ الشَّتَاتِ یَامُفَرِّجَ النَّبَاتِ وَیَامُعْیِیَ الْعِظَامِ الرُّفَاتِ وَیَامُجِیْبَ الدَّعَوَاتِ وَیَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَیَامُفَرِّجَ الْکُرُبَاتِ وَیَاسَامِعَ الْاَصْوَاتِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ وَ یَافَاتِحَ خَزَائِنِ الْکَرَامَاتِ وَیَامَالِکَ حَوَائِجِ جَمِیْعِ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَیَامَنْ مَلَأَ نُوْرُ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ وَیَامَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْئٍ عِلْمًا وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْئٍ وَبِاسْتِغْنَائِکَ عَنْ جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِمُحَمَّدِکَ وَمُعْبِدِکَ یَا اِلٰہَ کُلِّ شَیْئٍ اَنْ تَعُوْدَ عَلَیَّ بِقَضَآءِ حَاجَتِیْ وَھِیَ کَذَا وَکَذَا (اپنی حاجت کا یہاں نام لیں) اِنَّکَ قَادِرٌ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

دفعیہ کرب وبلا

بفرمان حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ جو کوئی کسی سخت کرب وبلا میں مبتلا ہو اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو۔ تو وہ ذیل کا عمل اختیار کرے نصف رات کو تازہ وضو اور غسل کے ساتھ دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص سات مرتبہ اور سورہ کوثر گیارہ مرتبہ پڑھیں اور بعد ازاں سلام پھیرنے کے ذیل کی ابیات کو چوراسی مرتبہ خشوع وخضوع سے پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے عمل مسلسل سے اللہ تعالیٰ کرب وبلا سے نجات دے دے گا۔

ابیات

يَا رَبِّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۔۔۔ وَجْعَلْ مَعُوْنَتَكَ الْحُسْنٰى لَنَا مَدَدًا

وَلَا تَكِلْنَا اِلٰى تَدْبِيْرِ اَنْفُسِنَا ۔۔۔ فَالنَّفْسُ تَعْجِزُ عَنْ اِصْلَاحِ مَا فَسَدَا

اَنْتَ الْعَلِيْمُ وَقَدْ وَجَّهْتُ مِنْ اَمَلِيْ ۔۔۔ اِلٰى رِحَابِكَ وَجْهًا سَائِلًا وَيَدَا

وَلِلرَّجَاءِ ثَوَابٌ اَنْتَ تَعْلَمُهٗ ۔۔۔ فَاجْعَلْ ثَوَابِيْ دَوَامَ الْيُسْرِ لِيْ اَبَدًا

اَيُتْرَكُنِيْ ضَيْمٌ وَاَنْتَ ذَخِيْرَتِيْ ۔۔۔ وَاُظْلَمُ فِي الدُّنْيَا وَاَنْتَ نَصِيْرِيْ

وَعَارٌ عَلٰى دَاعِيْ الْعُمٰى وَهُوَ قَادِرٌ ۔۔۔ اِذَا ضَاعَ فِي الْبَيْدِ اِعْقَالُ بَعِيْرِيْ

اے میرے پروردگار رشد و سامان ہمارے کام کا مہیا کر اور اپنی اعانت خیر کو ہمارے لیے مددگار کر اور ہم کو حوالہ نہ کر ہمارے نفسوں کے کیونکہ ہر نفس عاجز ہے اصلاح اس چیز سے جو فاسد ہو گئی تو عالم ہے اور حال یہ ہے کہ میں نے امید کا رخ تیری امید براری کے کیا اسی طرح کہ میں سوال کرنے والا ہوں، تیرے طرف منہ کرنے والا ہوں اور ہاتھ پھیلانے والا۔ اور امیدواری کے لیے ثواب واجر ہے کہ اس کو تو خوب جانتا ہے سو میرے ثواب کو میرے لیے ہمیشہ کا پردہ پوش کر جو ہمیشہ رہے گا۔

کیا مجھے پکڑے گا کوئی ظالم حالانکہ تو میرا خیر خواہ ہے اور کیا میں ظلم کیا جاؤں گا دنیا میں حالانکہ تو میرا ناصر و مددگار ہے اور عار و دشوار ہے شبان پر اپنے تئیں باز رکھنا باوجود قادر ہونے کے اس وقت جب گم ہوتا ہے بیابان میں یعنی شبان و توانا و قادر پر ننگ ہے باز رکھنا اپنے تئیں کو کہ کوئی شتر بیابان میں ریسمان گم کر دے اور کھل جائے تاکہ وہ کسی طرف چلا جائے اور گم ہو جائے۔

ظالم دشمن کو شہر بدر کرنا

جو شخص کسی ظالم دشمن کے ہاتھوں پریشان اور تنگ ہو تو اس دشمن کو شہر بدر کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔ مگر اس کو ناجائز نہ کیا جائے ورنہ سخت مستوجب عذاب ہوگا۔

طریقہ: اس مقصد کے لیے چار چوراہوں سے گیارہ عدد ایک سوتر موٹی کنکریاں اس طرح اکٹھی کریں کہ پہلے تین چوراہوں سے ۳ عدد فی چوراہا اور چوتھے چوراہا سے دو عدد کنکریاں لی جائیں۔

ان کنکریوں پر ہفتہ یا منگل کو ٹھیک بارہ بجے بغیر بسم اللہ شریف کے پہلے سورہ کوثر گیارہ بار پڑھیں پھر سورہ فیل گیارہ مرتبہ اور بعد میں سورہ کوثر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ دم کرتے وقت دشمن اور اس کی ماں کا نام لیں بعد از دم موقعہ پا کر اس جگہ کے فرش پر ان کو ڈال دیں جہاں دشمن اکثر بیٹھتا ہو یا پھر اس کی دوکان یا ڈیرے پر ڈال دیں مگر شرط یہ ہے کہ جگہ ایسی ہو جہاں دشمن اکثر بیٹھتا اٹھتا ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس عمل کی بدولت شہر چھوڑ کر چلا جائے گا اور اس طرح اس کے ظلم سے نجات مل جائے گی۔

جدائی ڈالنے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی دو دشمنوں کے درمیان جدائی ڈالنے کا طالب ہوتا کہ ان کی دشمنی سے چھٹکارا حاصل ہو جائے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد کارگر ہے یاد رہے کہ ناجائز عمل نہ کریں ورنہ مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔ اس مقصد کے لیے ایک عدد پکی اینٹ لے کر اس کے تین اطراف میں سورہ کوثر کی ایک ایک آیت اور چوتھی طرف ذیل کی عبارت لکھیں اور اس اینٹ کو دریا کے بہتے پانی میں ڈال دیں۔ یہ عمل مسلسل سات روز تک کرنے سے ان دونوں دشمنوں کے درمیان ہمیشہ کے لیے جدائی واقع ہو جائے گی اور ان کے شر اور ظلم سے نجات مل جائے گی۔

عملیات

اَلْبُغْضُ وَ النِّفَاقُ وَ الْعَدَاوَةُ بَيْنَ فُلَان بن فلان و فلان بن فلان

(فلاں بن فلان کی جگہ دونوں کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لکھے جائیں)

دشمنی ڈالنے کے لیے

اگر کوئی شخص کسی دو دوستوں کے درمیان نفاق اور دشمنی کا خواہاں ہو۔ تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے یاد رہے کہ ناجائز عمل کرنے کی صورت میں مستوجب عذاب الٰہی ہوگا اس مقصد کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان کو ہرن کی دھوئی دے کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ ان دونوں کے درمیان چند یوم کے اندر اندر عداوت و جدائی پیدا ہو جائے گی۔

نقش اول

ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف

بِقَهْرِكَ يَا قَهَّارُ يَا جَبَّارُ

دوسرا نقش

انا اعطینک	الکوثر	فصل
لربک	والنحر	دان
شانئک	ھو	الابتر

اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَ فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں

(نوٹ) فلاں بن فلاں کی جگہ دونوں کا نام اور ان کی ماؤں کے نام تحریر کریں۔

پرامن سفر کے لیے

اگر کوئی مسافر یہ چاہتا ہے کہ اس کا سفر بخیر و خوبی انجام پائے اور وہ ہر قسم کے ضرر سے محفوظ و مامون رہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے گھر سے روانہ ہونے سے قبل ایک مرتبہ سورہ یٰسین۔ ایک مرتبہ سورہ صف، ایک مرتبہ سورہ قریش، سات مرتبہ الحمد شریف۔ تین مرتبہ سورہ اخلاص، سورہ کافرون، سورہ الناس اور سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اپنے پورے جسم پر دم کرے اور اسی کا پانی بنا کر اپنے کپڑوں اور لباس پر چھینٹے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے دوران سفر ہر قسم کے ضرر و شر سے محفوظ و مامون رہے گا اور بخیریت واپس گھر آئے گا۔

زیارت رسول اللہ ﷺ

جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہونا چاہتا ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ اکل حلال اختیار کرے اور پھر رات کو سونے سے قبل تازہ غسل وضو کے

ساتھ پاک صاف لباس پہن کر خوشبو لگائے اور دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھے بعد از سلام پھیرنے کے ذیل کی دعا مانگے اور بستر پر قبلہ رخ دایاں ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اول تو پہلے روز ورنہ تین سے سات روز کے اندر مشرف بہ زیارت رسول اللہ ﷺ ہوگا۔

دعا

بسم اللہ اللّٰھمّ لک الحمدُ کما ینبغی لکرم وجھک وعز جلالک اللّٰھمّ لک الحمدُ علی دوام احسانک وحسن عادتک اللّٰھمّ انّی اسئلک بالقرآن العظیم ونوّر وجھک الکریم الذی اشرقت بہ السموٰت والارض واسئلک باسمک الذی تنزّل بہ المطرُ والرّحمۃ علی من تشاءُ من عبادک اللّٰھمّ انک انت الٰھنا وانت علی کلّ شیءٍ قدیرٌ اسئلک بحق مادعوتک بہ ان ترانی فی ما فی ھذا سیدی محمدٍ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم تسلیمًا کثیرًا کثیرًا عدد خلقہٖ ورضی نفسہٖ وزنۃ عرشہٖ ومداد کلمتہٖ

(نوٹ) یہ عمل نوچندی شب بدھ سے شروع کریں۔

برائے توفیق عبادت الٰہی

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے توفیق عبادت الٰہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصیب ہو جائے اور وہ ہمہ وقت شیطان ابلیس و نفس سے بچا رہے اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت پیدا ہو جائے تو ذیل کا عمل اس مقصد کے لیے بے حد نافع ہے۔

اس عمل کو نوچندی جمعہ کو بعد از نماز جمعہ اسی مقام پر بیٹھ کر کیا جائے بعد از نماز جمعہ اول و آخر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور یا صاحب الکوثر یا ودود محمد رسول اللہ بحق انا اعطیناک الکوثر تین سو مرتبہ پڑھ کر ایک سفید ریشمی پارچہ تین انچ مربع پر خوشخط کر کے یہی عبارت تحریر کریں اور اس ریشمی پارچہ کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ توفیق اطاعت و عبادت الٰہی نصیب ہوگی اور ساتھ ہی اسباب رزق کھل جائیں گے۔

ہر پریشانی کے لیے مجرب

ذیل کا نقش ہمہ اقسام کی پریشانیوں کے لیے مجرب ہے بالخصوص مقدمات، کاروبار وغیرہ کے لیے اس مقصد کے لیے ایک سبز ریشمی پارچہ تین انچ مربع لیں اور اس کے دونوں اطراف نقش سورہ کوثر کے ساتھ اس نقش کو زعفران و مشک سے لکھیں اور بعد ازاں اس کو موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے تمام مشکلات اور پریشانیوں کا خاتمہ ہو جائے گا اس نقش کو عروج ماہ مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھا جائے۔

نقش حسب ذیل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۱۹	۹۱۳	۹۳۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۲
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

سامنے کی طرف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۵۹۱۵	۵۹۰۸	۵۹۱۳
۵۹۱۰	۵۹۱۴	۵۹۱۴
۵۹۱۱	۵۹۱۶	۵۹۰۹

پشت پر

دفع شر کے لیے

جس کسی کو کسی بھی قسم کے شر کا اندیشہ رہتا ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر روز بعد از نماز عصر سو مرتبہ سورہ کوثر معہ بسم اللہ شریف پڑھا کرے ہر قسم کے شر سے بفضلہ محفوظ و مامون رہے گا۔

دشمنی سے نجات کے لیے

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اعداء کی دشمنی سے گلو خلاصی پا جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک کوری اینٹ لے کر اس پر سورہ کوثر کا نقش چاروں اور دونوں کناروں کی سطح پر لکھے اور نیچے دشمنوں کے نام معہ ان کی والداؤں کے نام لکھے۔ اور اس اینٹ کو کسی پرانی بوسیدہ قبر میں ڈال دے۔ دشمن اس کا پیچھا چھوڑ دیں گے اور ان کی آپس میں کھٹ پٹ پیدا ہو جائے گی۔

نقش سورہ کوثر

۷۸۶

۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

دشمنوں پر فتح یابی کے لیے

جو فرد اپنے دشمنوں کے ہاتھوں پریشان ہو اور ان پر مکمل فتح یابی حاصل کرنا چاہتا ہو۔ تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ اکیس یوم تک کسی تنہائی کے مقام پر مقررہ وقت میں سورہ کوثر تین سو مرتبہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد ہوگی اور وہ بفضلہٖ اپنے دشمنوں پر فتح یاب ہوگا۔

بند پیشاب جاری کرنا

اگر کسی بھی فرد کا پیشاب کسی بھی وجہ یا بیماری سے بند ہو جائے اور باوجود یکہ ادویات کے جاری نہ ہوتا ہو۔ تو اس کے لیے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد نماز فجر یا عصر چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب سے سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف لکھیں اور اس کو پانی سے دھولیں اس پانی کو دن میں تین مرتبہ سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر مریض کو استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضل ایزدی پیشاب جاری ہو جائے گا اور اس تکلیف سے کلی نجات مل جائے گی۔

بانجھ پن کے خاتمہ کے لیے

جو عورت بیماری کی وجہ سے بانجھ ہو گئی ہو۔ اور اس کے ہاں بچہ پیدا ہونے کی امید نظر نہ آئے تو ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر چینی کی طشتری پر ذیل کی عبارت زعفران و گلاب و شہد سے لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر اس عورت کو نہار منہ پلائیں انشاء

اللہ تعالیٰ اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے وہ عورت حاملہ ہوگی اور خوبصورت بچے کو جنم دے گی۔

عبارت

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ وَبِحَقِ اَحْیَا شَرَّ اَحْیَاہ

زیارت رسول اللہ ﷺ

زیارت رسول اللہ ﷺ کا خواہاں بروز جمعرات پاک صاف حالت میں باوضو گیارہ سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر سو جائے اول و آخر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے صبح بعد از نماز فجر سورہ فاتحہ ۱۰۰ مرتبہ اور درود پاک بالا ۱۰۰ مرتبہ، سورہ کوثر ہزار مرتبہ، درود پاک بالا ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیارت سے ضرور بامشرف ہوگا

زیارت صحابہ کرامؓ

اگر کوئی فرد صحابہ کرامؓ میں سے کسی بھی صحابیؓ کی زیارت کا خواہاں ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے شہر کے باہر دریا کے کنارے جا کر غسل کرے پھر سر برہنہ دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھ کر بعد میں دو رکعت نماز بہ نیت صلوۃ الارواح اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اکیس مرتبہ سورہ اخلاص اور اکیس مرتبہ سورہ کوثر اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اکیس مرتبہ سورہ کوثر اور اکیس مرتبہ معوذتین پڑھے بعد از سلام سجدہ میں جا کر انتہائی عجز سے اَغِثْنِی، اَغِثْنِی، اَغِثْنِی یا مغیث تین بار پڑھے۔ پھر سات

ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اقراہ یا اللہ اور سات سو سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھے پھر منہ آسمان کی طرف، آنکھیں بند کر کے چند قدم آگے اور چند قدم پیچھے کی طرف چلے۔ انشاء اللہ مطلوبہ صحابی کی زیارت سے بفضل ایزدی مشرف ہوگا جس کا تصور اور نیت کی ہوگی ایسے وقت میں ان سے جس سلسلہ میں استمداد مانگے گا وہ حاصل ہوگی ایسے وقت یہ الفاظ ورد زبان رکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی آنچہ بدکردم ندانستم خطا کردم بہ بخشش بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

یہ معمول حضرت محمد غوث گوالیاری کا تھا۔

برائے کشف القبور

جو شخص کشف القبور کا خواہاں ہو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے اس مقصد کے لیے تازہ غسل اور وضو کے ساتھ دو رکعت نماز نفل بہ نیت ثواب مطلوبہ صاحب قبر یا صاحب مزار اس طریق سے پڑھے کہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر ستر ستر مرتبہ پڑھے اس کے بعد درود پاک اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر صاحب مزار کی طرف توجہ کرے انشاء اللہ اس عمل سے ضرور کشف صاحب مزار ہوگا۔ (عطیہ مولانا امیر داود بلوی)

دشمن کا پیشاب بند کرنا

جو کوئی شخص اپنے دشمن کے ظلم و ستم سے تنگ آ کر اس کو ظلم سے باز رکھنے کے لیے اسے عاجز بنانا چاہے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے ساعت منحوس میں انڈے کا پوست (چھلکا) صحیح سلامت لیا جائے اور اس پر ذیل کا نقش سورہ کوثر بنایا جائے اور اس کے نیچے اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے پھر اس پوست انڈا کو سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر آگ کے قریب یا تنور کے پاس دفن کر دیں اس دشمن کا پیشاب فوراً بند ہو جائے گا اور کسی صورت میں بھی کسی بھی دوا سے پیشاب جاری نہ ہوگا دفن کرنے سے پہلے اس کو نوشادر اور جوزا معہ سیاہ مرچ کی دھونی دی جائے۔ اگر ساتویں دن اس نقش کو دفن شدہ جگہ سے نہ نکالا گیا تو دشمن کی موت واقع ہو جائے گی۔ یاد رہے کہ اگر یہ عمل ناجائز طور پر کیا جائے گا تو مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔

نقش



ا ن ل د ب ک و ا ن ج ر
ا ع ط ا ن ش ا ن ع ک ن ا ک
ا ل ک و ث د ا ل ا ب ث د
فلان بن فلان

اولاد کا زندہ نہ رہنا

جس شخص کی اولاد کسی بھی وجہ سے زندہ نہ رہتی ہو اور ہر قسم کے عمل اور ادویات کی وجہ سے اس معاملہ میں لاچار ہو گیا ہو۔ تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور سورہ کوثر سات سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے اور اسی کا پانی بنا کر اپنی عورت کو پلائے اور بعد از ولادت بچہ ذیل کا نقش سورہ کوثر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنا کر اس کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دے۔ انشاء اللہ بچہ زندہ رہے گا۔

درود پاک

اللّٰھم یا ربنا یا کریم صل وسلم وبارک بعدد کل ذرۃ وخلائق

علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وجمیع الانبیاء والمرسلین دائما ابدا.



رزق میں اضافہ

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں بفضل تعالیٰ اضافہ ہو اور اس کی تنگی ترشی ختم ہو جائے تو وہ شخص اس بات کو اپنا معمول بنالے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ کوثر پڑھا کرے اور اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔

سر کا درد

اگر کسی فرد کے سر میں اکثر درد رہتا ہو اور علاج معالجے کے باوجود اسے آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں اس کے سر کو پکڑ کر سات مرتبہ سورہ کوثر مع بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کیا جائے سر درد بفضلہ فوراً کافور ہو جائے گا۔

اگر اس عمل کو مسلسل سات یوم کر لیا جائے تو پھر کبھی بھی سر درد نہ ہوگا۔

عبادت میں دل کا نہ لگنا

جس شخص کا دل عبادت میں نہ لگتا ہو اور وساوس اسے ہر وقت تنگ کرتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از ہر فرض نماز ایک مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے انشاء اللہ اس عمل کی مداومت سے دل شیطانی وساوس سے پاک اور عبادت الٰہی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

مرض سے شفایابی

اگر کسی مریض کو ادویات اور علاج معالجہ سے آرام نہ ملتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کارگر ہے اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر صبح کو سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف سو مرتبہ، اول و آخر درود شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کر کے دن میں تین مرتبہ اس پانی کو پی لیا جائے تین یوم کے عمل سے مرض سے شفایابی بفضلہ ہوگی۔

کثرت حیض کا علاج

جن عورتوں کو کثرت حیض کی شکایات ہوں اور علاج معالجہ کے باوجود آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لیے بارش یا سات نلکوں کا پانی لیا جائے اور اس پانی کو باوضو حالت میں تین سو تیرہ مرتبہ سورہ کوثر، اول و آخر درود شریف شفاء اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی کو بسم اللہ شافی، بسم اللہ، کافی شفا بحق صاحب الکوثر پڑھ کر دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔ انشاء اللہ چند یوم کے تسلسل سے اس مرض سے کلیتہ بفضلہ شفا حاصل ہو جائے گی۔ اور آئندہ پھر کبھی بھی شکایت کثرت حیض نہ ہوگی۔

ہر بیماری سے شفاء

ہر قسم کی بیماری اور درد کے علاج کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس مقصد کے

لیے باوضو حالت میں بعد از نماز فجر چینی کی طشتری پر بسم اللہ شریف، سورہ فاتحہ اور سورہ کوثر زعفران و گلاب سے لکھیں پھر اس طشتری کو پانی سے دھو کر پانی کسی بوتل میں جمع کر لیں اور اس پر اول و آخر درود شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ سورہ کوثر گیارہ مرتبہ اور دعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔

اس پانی کو روزانہ دن میں پانچ مرتبہ بسم اللہ شافی، بسم اللہ باقی، بسم اللہ کافی پڑھ کر استعمال میں لایا جائے۔

سات یوم کے مسلسل عمل سے بیماری و درد کا جڑ سے خاتمہ ہو جائے گا۔

دعا

یَا اَللّٰہُ اَشْفِ یَا رَحْمٰنُ اَشْفِ یَا رَحِیْمُ اَشْفِ یَا کَرِیْمُ اَشْفِ یَا غَفَّارُ اَشْفِ یَا سَتَّارُ اَشْفِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ مِنْ جَمِیْعِ الدَّاءِ بِفَضْلِکَ وَکَرَمِکَ لَا بِعَمَلِنَا وَلَا بِعَمَلِہٖ بِحَقِّ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَ بِالْحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

چیچک کا علاج

اگر کسی بچے کو چیچک نکل آئے تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے اس مقد کے لئے سالم چاول کے سات دانے لے کر ہر دانہ چاول پر سات سات مرتبہ سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کیا جائے اور چیچک زدہ کو وہ دانے کھلائے جائیں دانے چبا کر نہیں کھانے بلکہ ان کو صحیح و سالم نگلنا ضروری ہے۔

چیچک کے جو دانے نکل آئے ہیں ان سے زیادہ نہ نکلیں گے اور جو دانے نکل چکے ہیں وہ بھی چند یوم کے عمل سے بالکل نابود ہو جائیں گے اور چیچک زدہ صحت یاب ہو جائے گا۔

بستر پر پیشاب کا نکل جانا

جس کسی فرد یا بچے کا پیشاب سوتے میں بستر پر نکل جاتا ہو اور علاج معالجے کے باوجود آرام نہ آتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل کارگر ہے

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف تین مرتبہ اور آیت ذیل ایک مرتبہ لکھ کر اس کو پانی والی بوتل میں ڈال دیں اور اس پر اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ کوثر اور آیت ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور ایسے مریض کو روزانہ دن میں تین مرتبہ پانی پلائیں۔

ایک ہفتہ کے عمل مسلسل سے یہ شکایت بفضلہ ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ

وَقِيلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

درد کمر کا علاج

جو فرد شدید کمر درد میں مبتلا ہو اور کسی طرح اسے آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے چینی کی سات طشتریاں لے کر ان پر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف اور آیات ذیل زعفران و گلاب سے لکھیں اور بعد ازاں ان طشتریوں کو روغن زیتون سے باری باری دھو کر اس روغن زیتون کو کسی شیشی میں محفوظ فرمالیں اور بعد ازاں روزانہ رات کو اس روغن زیتون کی مالش کمر پر کرکے اوپر کپڑا وغیرہ ڈال کر سو جائیں۔

صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے غسل کریں۔ انشاء اللہ سات یوم کے عمل مسلسل

کمزوری سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا مل جائے گا۔ اگر اس عمل کو مسلسل اکیس یوم تک کرلیا جائے تو زندگی میں پھر کبھی بھی یہ مرض لاحق نہ ہوگا۔

آیات مبارکہ

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

دردِ شقیقہ کا علاج

کسی کے سر میں دردِ شقیقہ لاحق رہتا ہو اور علاج معالجہ سے آرام نہ آتا ہو تو ذیل کا عمل نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے اول و آخر درود شفاء سات سات مرتبہ اور سورہ کوثر و آیات ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ سات یوم کے عمل مسلسل سے دردِ شقیقہ کا مرض ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور دوبارہ کبھی بھی نہ ہوگا۔

آیات مبارکہ

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۝

آشوبِ چشم کا علاج

جو فرد آشوبِ چشم میں اکثر مبتلا رہتا ہو اور علاج معالجہ کے باوجود یہ بیماری پیچھا نہ چھوڑتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ کوثر گیارہ مرتبہ صبح، دوپہر، شام کو پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے سات یوم کے

ِل مسلسل سے اس مرض سے ہمیشہ کے لیے نجات کلیتہً حاصل ہو جائے گی۔

حب کا عمل خاص

ذیل کا عمل حب کے لیے خاص آزمودہ عمل ہے مگر اس کے لیے پاکیزگی، پرہیز جلالی اور تنہائی شرط اولین ہے۔

اس مقصد کے لیے عروج ماہ قمری کی پہلی جمعرات کو ساعت مشتری میں ہر شب ۲۱ عدد مرچ سیاہ لے کر اس پر بہ طریق ذیل سورہ کوثر ۱۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان مرچوں کو عنبر، کافور، صندل کی دھونی دیں اور ان مرچوں کو مطلوب کا تصور کر کے آگ میں باری باری جلائیں اور جلی ہوئی راکھ کو مطلوب کو کسی نہ کسی شے میں ملا کر کھلا دیں اگر یہ ممکن نہ ہو تو اس کو دریا یا نہر کے پانی میں بہا دیں۔

طریقہ عمل پڑھائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انا اعطینک الکوثر ثر ثر

فصل لربک والنحر حر حر

ان شانئک فلاں بن فلاں کا دل فلاں بن فلاں کے بغیر

ھو الابتر ابتر ابتر

(نوٹ) فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں، طالب اور اس کی ماں کا نام لیا جائے۔

بے اولادوں کے لیے

جن افراد کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مرجاتی ہو ان کے لیے ذیل کا عمل ہے

حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ رات کو بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف ذیل ایک سو ایک مرتبہ اور سورہ کوثر پانچ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعائے ذیل فرما دیں۔ انشاء اللہ نوے یوم کے عمل مسلسل سے بفضلہ عورت حاملہ ہو کر بخیر و عافیت صحت مند بچے کو جنم دے گی اور بچہ زندہ رہے گا۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَنْوَارِ وَتِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَمِفْتَاحِ الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهِ

دعا

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں بایں طور کہ تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے تو واحد ہے، صمد ہے، حی و قیوم ہے میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر درود نازل فرما اور مجھ کو اپنی رحمت خاص کے خزانوں سے اولاد صالح عنایت فرما اور اپنے فضل سے مجھ کو نواز دے۔

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنے فضل سے اپنے جود کے ساتھ اے جواد اور اپنے احسان کے ساتھ اے محسن اور اپنے کرم کے ساتھ اے مکرم اور اپنی عطا کے ساتھ اے معطی، کثیر نعمت والے، اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے قائم کرنے والے آسمان و زمین کے ہر ایک تیری قیومیت کے ساتھ تیرا مطیع ہو کر آنے والا ہے میں تجھ ہی سے مانگتا ہوں اے خالق السموت والارض، اے قادر قدیر بے شک تو نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا، اے پیدا کرنے والے مجھے اپنی نعمت خاص

سے نواز دے، میرے گناہوں کی بخشش فرما بطفیل سورہ کوثر و صاحب کوثر، اے اپنے بندوں کے اوپر رحم فرمانے والے مجھ عاصی خطا کار پر بھی رحم فرما بطفیل آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفی ﷺ، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے اللہ! وہ کون ہے جو تجھ سے دعا کرے اور تو قبول نہ کرے اور وہ کون ہے جو تجھ سے مانگے تو اس کو نہ دے اور کون ہے وہ جس نے تجھ سے پناہ مانگی اور تو نے اس کو پناہ نہ دی ہو اور کون ہے وہ جس نے تجھ پر توکل کیا اور پھر تو اس کو کافی نہ ہوا ہو تجھ سے میری فریاد ہے اے فریادرس، میری فریاد رسی فرما ساتھ کہ وہ جس کے تو لائق ہے اور مجھے اپنی قدرت کاملہ سے اولاد صالح سے نواز دے۔ اے فریادرس! میری فریاد سن لے اور اسے قبول فرما اور عطا فرما بطفیل صاحب الکوثر حبیب کبریا، آقائے دو جہاں حضرت محمد مصطفی ﷺ یا ارحم الراحمین برحق استغیث بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

فقر و فاقہ دور کرنا

جو اشخاص فقر و فاقہ میں مبتلا ہوں اور تنگی معاش کسی طور پر بھی دور نہ ہوتی ہو تو ان کے لیے ذیل کا عمل جو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور نبی کریم ﷺ کو سکھلایا تھا اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے دو رکعت نماز نفل روزانہ بعد از تازہ غسل وضو اس طریق سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر تین مرتبہ، سورہ اخلاص تین مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد معوذتین سے ادا کریں اور بعد ازاں دعا مانگیں اس طریق سے مقررہ وقت پر روزانہ اس عمل کی مداومت سے رزق میں بے حد وسعت پیدا ہو جائے گی اور تنگ دستی کی جگہ خوشحالی گھر کر لے گی اور کبھی فقر و فاقہ سے واسطہ نہیں پڑے گا۔

ادائیگی قرض

ادائیگی قرض کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر کا درجہ رکھتا ہے مقروضین کے لیے انتہا درجہ کا تحفہ خداوندی ہے اس عمل کی بدولت قرضہ خواہ پہاڑ مانند ہی کیوں نہ ہو خود بخود اترنے کی سبیل پیدا ہو جائے گی اس مقصد کے لیے چار رکعت نماز نفل دو رکعت کر کے اس طرح پڑھیں کہ پہلی اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی دس مرتبہ اور سورہ کافرون دس مرتبہ اور اٰمَنَ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ تا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ (پ ۳۰ ع ۸) دس مرتبہ بعد سلام پھیرنے کے تسبیح و تحمید و تکبیر یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۳ مرتبہ پڑھے۔

تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ التکاثر تین مرتبہ، سورہ العصر تین مرتبہ، سورہ کوثر تین مرتبہ اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر تین مرتبہ اور سورہ اذا زلزلت تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے۔

اس کے بعد سورہ کوثر ایک سو ایک مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر ذیل کی دعا مانگے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَعَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ الْاٰیَۃَ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ الْاٰیَۃَ رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا الْاٰیَۃَ وَلَوْ اَنَّ اَھْلَ الْقُرٰی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَرَکَاتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ الْاٰیَۃَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَکُمُ الْفَتْحُ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَھُمْ الْاٰیَۃَ. وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ الْاٰیَۃَ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ الْاٰیَۃَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِیْ کَذَّبُوْنِ فَافْتَحْ الْاٰیَۃَ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ الْاٰیَۃَ حَتّٰی اِذَا جَآءَ وَدَادٌ

فَتَحْتُ اَبْوَابَهَا اِلَّا فَتَحْتَ لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا اٰلِهَةَ وَاِلٰهَهُمْ فَتَحًا قَرِيْبًا
السُّوْرَةَ فَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَاءِ بِسَمَاءِ السُّوْرَةِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ
قَرِيْبٌ وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ
بِالْحَقِّ صَاحِبِ الْكَوْثَرِ وَبِالْحَقِّ اِنْزَلْنٰهُ سُوْرَةَ كَوْثَرٍ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ يَا
اَللّٰهُ يَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ خلاص کن ایں قرضہ ناگہانی بطفیل
صاحب الکوثر وصلی اللّٰہ علٰی سیدنا محمد وعلٰی الہ وصحبہ
وسلم (یہ دعا سات بار مانگے)

ہر قسم کی مشکلات کی آسانی کے لیے

ہر قسم کی دینی و دنیاوی مشکلات کی آسانی اور انجام بخیر ہونے کے لیے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے نصف شب کو اٹھ کر پاک وصاف ہو کر دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر دس مرتبہ پڑھیں پھر سلام پھیر کر اول و آخر درود پاک غوثیہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ایک سو ایک مرتبہ اور سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ اور اس کے بعد دعائے ذیل ایک سو تیس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل بلا ناغہ سے مقصود حاصل ہو جائے گا۔

دعا

اَللّٰهُ كَافِيْ فَضَدْتُ الْكَافِيْ وَوَجَدْتُ الْكَافِيْ لِكُلِّ الْكَافِيْ كَفَا فِيْ
الْكَافِيْ وَنِعْمَ الْكَافِيْ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

تجارت میں خیر و برکت

تجارت اور کاروبار میں خیر و برکت کے لیے ذیل کا سورہ کوثر کا نقش تانبے کے پترے پر بنا کر لگانا بے حد مفید اور باعث برکت ہے اس مقصد کے لیے تانبے کا تین انچ مربع پترا لیں اور اس پر ذیل کا نقش ایک ساعت خمس میں کندہ کروائیں اور اس پر سورہ کوثر تین سو تیرہ مرتبہ جمعہ اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو دوکان یا تجارت کی جگہ پر داخلے والے دروازے کے اوپر لگا لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بدولت تجارت یا کاروبار میں دن بدن ترقی ہوتی جائے گی۔

نقش یہ ہے۔



حُب رسول اللہ ﷺ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے دل میں حُب رسول اللہ ﷺ پیدا ہو جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر اور نماز مغرب ذیل کا ورد پڑھنے کا اپنا معمول

بچالے اس کی بدولت چند یوم کے اندر اندر حب رسول اللہ ﷺ پیدا ہو جائے گی اور دن بدن بڑھتی جائے گی اور ایک وقت ایسا آئے گا کہ ہر وقت حب رسول اللہ ﷺ میں مستغرق رہے گا۔

(۱) اول و آخر درود شریف ابراہیمی ..... سات سات مرتبہ

(۲) سورہ والضحیٰ ..... سات مرتبہ

(۳) سورہ کوثر ..... سات مرتبہ

حاجت روائی کے لیے

ہمہ اقسام کی حفاظت روائی کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے اس کا معمول بنا لینے سے کبھی بھی کوئی حاجت باقی نہ رہے گی اور ہر ضرورت خزانہ غیب سے اللہ تعالیٰ پوری فرمایا کریں گے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ اول و آخر درود شریف ہزارہ اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اس کے بعد ذیل کے اشعار سات سات مرتبہ پڑھ کر کھلی تعداد میں یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا قَاضِیَ الْمُهِمَّاتِ یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضِ ، یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ پڑھا کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کریں۔

اشعار

یَامَنْ یُّجِیْبُ دُعَآءَ الْمُضْطَرِّ فِی الظُّلَمِ

یَاکَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰی مَعَ السَّقَمِ

(اے وہ ذات جو پریشان حال کی دعا اندھیروں میں سنتا ہے اے دکھوں اور

آفتوں کو کھولنے والے اور اس کے ساتھ بیماریوں کو ہٹانے والے)

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُؤْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَۃٌ

اے ہر تکلیف کے وقت میرے مددگار اور ہر دعا کو قبول کرنے والے اور ہر وحشت کے وقت میرے انیس اور ہر سختی کے وقت میری پناہ گاہ اور جب حیلے کر۔ جائیں اس وقت میری امید)

برائے فراخی رزق اور شرک سے حفاظت

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو جائے اور وہ شرک سے محفوظ بھی رہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر و عشاء ایک سو ایک مرتبہ سورہ کوثر اول و آخر درود شریف قرآنی اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور ایک سو ایک مرتبہ کلمات ذیل پڑھنا اپنا معمول بنالے اور پھر برکات الٰہی کا نظارہ چشم خود کرے۔

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

اللہ اللہ میرا مددگار ہے پروردگار میں اس کے ساتھ کچھ بھی شرک نہ کروں گا۔

ہر تکلیف سے حفاظت کے لیے

حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر تکلیف سے حفاظت میں رہنے کا خواہاں ہو وہ ذیل کا عمل اختیار کرے اس عمل کی بدولت انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہر دینی و دنیاوی تکلیف سے محفوظ و مامون رہا کرے گا۔

اس مقصد کے لیے دو رکعت نماز نفل بہ نیت حفاظت آفات و بلیات و تکالیف

روحانی و جسمانی اس طریق سے ادا کیا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر اکیس اکیس مرتبہ پڑھا کرے اور ہر سجدہ میں تسبیحات (سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی) کے بعد تین تین مرتبہ یہ دعا پڑھا کرے۔ فَقِیْرُکَ بِفِنَائِکَ وَعَبْدُکَ بِفِنَائِکَ وَسَائِلُکَ بِفِنَائِکَ تیرا محتاج تیرے در پر ہے اور تیرا بندہ تیرے در پر ہے اور تیرا بھکاری تیرے در پر ہے۔

اہل وعیال کے نیک ہونے کے لیے

اگر کوئی شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے اہل وعیال نیک اور فرمانبردار بن جائے تو ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز عصر اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ اور دعائے ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل سے اس کے اہل وعیال متقی، پرہیزگار اور اس کے تابع فرمان ہو جائیں گے۔

دعا

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا

(اے رب ہمارے ہم کو ہماری عورتوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا)

ہر آفات سے حفاظت

جو شخص ہر قسم کی آفات سے محفوظ و مامون رہنا چاہتا ہو تو وہ ذیل کے عمل کو معمول بنالے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہا کرے گا۔

روزانہ بعد نماز عصر چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر ستر ستر مرتبہ، سورہ اخلاص پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں اور بعد سلام پھیرنے کے ذیل کی دعا تین مرتبہ پڑھا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى يَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا مُفَضِّلُ يَا مُكْرِمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

بصارت چشم بڑھانے کا عمل

کمزور بینائی والے اشخاص کے لیے بصارت تیز کرنے کا ذیل کا عمل اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے دو رکعت نماز نفل بہ نیت ترقی بینائی بعد از نماز عشاء بہ طریق ذیل پڑھنے کا معمول بنالیں۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر تین تین مرتبہ پڑھیں بعد از سلام پھیرنے کے سجدہ میں سر رکھ کر بخلوص حب دل دعا ذیل کو تین مرتبہ پڑھیں اور سجدہ سے اٹھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیں۔

دعا

فَطَفِّنِيْ لِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَجَعَلْهُمْ وَالْوَارِثَ

مثانہ کی پتھری کے لیے

جو شخص مثانہ کی پتھری کی تکلیف میں مبتلا ہو اور اسے پیشاب آنے میں سخت دقت کا سامنا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر باوضو حالت میں چینی کی سفید طشتری پر

زعفران و گلاب سے ذیل کی آیت معہ سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف لکھیں اور پھر اس کو پانی سے دھو کر بوتل میں پانی جمع کر لیں اور اس پر انہیں آیات و سورہ کا ستر مرتبہ دم کر لیں اور یہ پانی دن میں تین مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ پئیں۔

اَشْفِ یَا شَافِیْ بِحَقِّ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ

انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے عمل سے پتھری با آسانی ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جائے گی۔

آیات مبارکہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ.

حصول حاجات

ہمہ اقسام کی دینی و دنیاوی حاجات کے حصول کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے چار رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ

الْخَيْرُ ۔ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ
مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (پندرہ مرتبہ)

دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھیں پھر سلام پھیریں تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ کافرون۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص۔ بعد از سلام پھیرنے کے کھلا درود شریف ابراہیمی لاتعداد مرتبہ پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگا کریں دعا میں ذیل کا شعر بھی سات مرتبہ ضرور پڑھیں۔

فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

گھر سے بھاگے ہوئے کو واپس لانا

جو بچہ یا بڑا گھر والوں سے ناراض ہو کر گھر سے چلا گیا ہو اور اس کا کوئی پتہ نہ چل رہا ہو تو اس کے واپس لانے کے لیے ذیل کا عمل نہایت کارگر ہے

اس مقصد کے لئے 41 عدد کالی مرچ لیں اور ساتھ ہی تھوڑی سی چینی بھی اپنے پاس رکھیں بعد از نماز عصر باوضو حالت میں ہر ایک مرچ پر ذیل کا عمل کرتے جائیں اور اسے آگ میں جھونکتے جائیں اور ساتھ ہی چینی پر بھی دم کریں یہ عمل 41 مرچوں کے دانوں پر 41 مرتبہ پڑھنا ہے۔ بعد ازاں چینی چیونٹیوں کے بل میں ڈال دیں

انشا اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے بلا ناغہ عمل سے بھاگا ہوا بچہ یا فرد گھر خود بخود پہنچ جائے گا۔

عمل

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ بِحَقِّ یَا جِبْرَآئِیْلُ

فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ بِحَقِّ یَا مِیْکَائِیْلُ

اِنَّ شَانِئَکَ بِحَقِّ یَا اِسْرَافِیْلُ

هُوَ الْاَبْتَرُ بِحَقِّ یَا عِزْرَائِیْلُ

فلاں بن فلاں کو چین نہ دیں، چین نہ دیں، چین نہ دیں

(فلاں بن فلاں کی جگہ بھاگے ہوئے فرد اور اس کی ماں کا نام لیں)

نظر بد کے لیے

جس کسی کو بھی نظر بد لگ جائے تو اس کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے اس مقصد کے لیے نظر بد والے کا سر پکڑ کر اول و آخر درود تنجینا سات سات مرتبہ، سورہ کوثر گیارہ مرتبہ، نادعلی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات مل جائے گی۔

غناء کے لیے

وسعت رزق کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے دو رکعت نماز نفل بہ نیت وسعت رزق و غناء رات کو تنہائی میں اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر سات مرتبہ پڑھے بعد از سلام پھیرنے کے سجدہ میں دعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھا کر اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پھر سجدے میں جا کر یہی دعا گیارہ مرتبہ پڑھ کر سر سجدہ سے اٹھائے اور دونوں ہاتھ سر سے اوپر بلند کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگا کرے۔

اس کے علاوہ نقش ذیل سفید کاغذ پر ساعت مشتری میں زعفران و گلاب سے بنا کر اور خوشبو لگا کر موم جامہ کرے اور اس کو یاں تو اپنے گلے میں باندھے یا پھر دائیں بازو پر باندھ لے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بلا ناغہ مداومت سے دونوں میں اللہ تعالیٰ اسے غنائی عطا کر دے گا اور اس کے رزق میں بے تحاشہ اضافہ ہو جائے گا۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

دعا

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِعَلَالِكَ وَعَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ وَعَمَّنْ سِوَاكَ۔

نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہر دل عزیزی کا عمل

جو کوئی لوگوں میں ہر دلعزیز ہونا چاہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بہترین ہے اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ حمزہ اکیس مرتبہ اور سورہ کوثر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

اس عمل کی مسلسل مداومت سے وہ لوگوں میں ہر دل عزیز ہو جائے گا۔

درود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْعَرَبِیِّ الْقُرَشِیِّ الْفَخْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظَمَۃِ ذَاتِکَ

قربانی کے برابر ثواب

جو کوئی عید الاضحیٰ کی رات کو بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے گا کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر تینتیس تینتیس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے ایک بکرے کی قربانی کا ثواب عطا فرمائیں گے۔

قضاء شدہ نمازوں کا کفارہ

جس شخص کی نمازیں اکثر قضاء ہو جاتی ہوں تو ان کے کفارے کے لیے ذیل کا عمل بہت نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز جمعہ چار رکعت نماز نفل بہ نیت کفارہ قضاء شدہ نمازیں اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں آیت الکرسی ایک مرتبہ اور سورہ کوثر پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد درود شریف ذیل اکیس مرتبہ

صَلَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا اَحْمَدُ مُجْتَبٰى مُحَمَّدٌ مُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

اور استغفار دس مرتبہ پڑھیں اور اللہ کے حضور اپنی غلطی کی معافی طلب کریں اور عہد کریں کہ باتوفیق الٰہی آئندہ کوئی نماز قضاء کرنے کی کوشش و سعی نہیں کروں گا اے اللہ مجھے ثابت قدمی عطا فرما! آمین۔

دشمن کے شر سے حفاظت کا عمل

جو شخص دشمن کے شر سے حفاظت کا خواہاں ہوں اس کے لیے سورہ کوثر کا ذیل کا نقش بے حد نافع ہے۔ اس نقش کو بعد از نماز فجر ساعت شمس میں زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر لکھیں اور اس کو خوشبو لگا کر اس پر سورہ کوثر سات سو سات مرتبہ اول و آخر درود پاک اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے دشمن کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا۔

نقش

دشمنوں کے درمیان جدائی ڈالنا

جس شخص کے دشمن بے شمار ہوں اور وہ تنگ کرتے رہتے ہوں اور ان کی وجہ سے اس کی زندگی اجیرن ہو گئی ہو تو ایسے میں دشمنوں کے درمیان نفرت اور جدائی ڈالنے اور ان سے اپنی جان بچانے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک لکڑی نیم کی تقریباً دس انچ لمبی لیں اور کسی تنہائی والی جگہ پر بوقت زوال باوضو بیٹھ کر اول و آخر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ کوثر ایک ہزار مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ ہر سینکڑہ پر نیم کی لکڑی پر دم کریں جب عمل مکمل ہو جائے تو نیم کی اس لکڑی کو کسی ویران کنویں میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے درمیان تفریق و عداوت پیدا ہو جائے گی اور وہ آپس میں ہی الجھ کر مظلوم کی طرف سے توجہ بالکل ہٹا لیں گے۔ عمل کرنے سے پیشتر لکڑی پر ذیل کی عبارت ضرور لکھیں تب عمل شروع کریں۔

انا اعطیک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک ھو الابتر

فلاں بن فلاں مابعین فلاں بن فلاں ابتر ابتر ابتر

(نوٹ) فلاں بن فلاں کی جگہ دشمنوں کا نام اور ان کی ماؤں کا نام تحریر کریں۔

دفعیہ وباء طاعون

جس علاقے میں طاعون کی وبا پھیل جائے تو ایسے میں طاعون سے حفاظت کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کا نقش سفید کاغذ یا سفید ریشمی پارچہ پر زعفران و گلاب

سورہ کوثر سے

کے ساتھ تحریر کریں اور اس کو خوشبو لگا کر اس پر سورہ کوثر اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو گلے میں ڈالیں یا پھر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ اس عمل سے طاعون سے بالکل محفوظ و مامون رہیں گے نقش باندھنے سے پہلے شیرینی پر نیاز مولا پاک دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں یا پھر فقراء میں گیارہ روپیہ بطور ہدیہ تقسیم کر دیں۔

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یالطیف	انا اعطینک الکوثر	الطف
لم	فصل لربک وانحر	بنا فیما
یزل	ان شانئک ھو الابتر	نزل

انت قوی نجنا عن قھرک یوم الخلل

لی خمسۃ اطفی بھا حر الوباء الحاطمہ

المصطفی والمرتضیٰ وابناھما والفاطمہ

برائے قضا حاجات

تمام حاجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کے نقش کو بھوج پتر یا کسی سبز ریشمی پارچہ پر برج اسد میں ساعت شمس میں تحریر کریں اور اس کو خوشبو لگا کر اس پر سورہ کوثر پانچ سو پانچ مرتبہ پڑھ کر سوم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں اور نظارہ کرامات قدرت ملاحظہ کریں۔

نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ ۹۰ھ ۹۱ھم ح ۲۸۱۱۱ ، ص ر ۹ ح ۹۹ طل الْکَوْثَرَ

فَصَلِّ ۹۰ھ ۹۱ھم ح ۲۸۱۱۱ ، ص ر ۹ ح ۹۹ طل لِرَبِّکَ وَانْحَرْ

اِنَّ شَانِئَکَ ۹۰ھ ۹۱ھم ح ۲۸۱۱۱ ، ص ر ۹ ح ۹۹ طل هُوَ الْاَبْتَرُ

ظالم حاکم کی معزولی کے لیے

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ عوام ظالم حاکم سے چھٹکارا پائے تو ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء تازہ غسل اور وضو کے ساتھ کسی تنہائی والی جگہ پر قبلہ رخ بیٹھ کر ہزار بار درود شریف ذیل اور ہزار بار سورہ کوثر اس طریق سے پڑھے کہ ہر سینکڑہ پر دعائے ذیل اکیس مرتبہ پڑھے۔

اس طریق سے بلاناغہ اکیس روز کے عمل سے وہ حاکم معزول ہو جائے گا اور برباد ہوگا مجرب ہے۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

دعا

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُسْتَجِیْرٌ بِکَ مِنْ فلان بن فلان فَخُذْنِیْ حَقِّیْ مِنْهُ خَانَهٗ یَعْزِلُ اِنْ کَانَ وَالْیَاکُلُ بِهِ الْوَیْلُ

(نوٹ) فلاں بن فلاں کی جگہ حاکم اور اس کی ماں کا نام لیں۔

دشمن پر غلبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ مجھے اپنے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ساعت عطارد میں بروز ہفتہ ذیل کا نقش سفید ریشمی کپڑے کے اوپر کالی سیاہی وگلاب سے بنائیں اور اس کو خوشبو لگا کر اس پر سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو اپنی ٹوپی کے اندر سی لیں۔ بعد ازاں اس ٹوپی کو استعمال میں لائیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت وہ شخص اپنے دشمنوں پر غالب رہے گا۔

فراخی زراعت

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی کھیتی باڑی ہر قسم کی آفات وبلیات اور کیڑوں مکوڑوں سے محفوظ رہے اور خوب پھلے پھولے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر پاک صاف چوکور مٹی کی ٹھیکریوں پر ذیل کا نقش سورہ کوثر پانچ بار لکھیں اور ان پر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف سات سو سات مرتبہ اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ بعد ازاں ان ٹھیکریوں کو اپنی کھیت کے چاروں کونوں میں ایک ایک اور کھیت کے درمیان میں آخری ٹھیکری دفن کر دیں۔

انشاء اللہ اس عمل سے کھیتی ہر اقسام کے آفات و بلیات سے محفوظ و مامون رہے گی اور خوب پھلے پھولے گی۔

نقش

۷۸۶

۶۹۰	۶۸۵	۶۸۴	۶۹۵
۶۸۳	۶۹۶	۶۸۹	۶۸۶
۶۹۳	۶۸۲	۶۸۷	۶۹۲
۶۸۸	۶۹۱	۶۹۴	۶۸۱

آفیسر بالا کو مہربان کرنا

جو کوئی ملازم پیشہ شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا آفیسر اس پر مہربان رہے تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر ساعت مشتری کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ کوثر کا ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے تحریر کریں اور اس پر خوشبو لگائیں۔

بعد ازاں اس نقش پر اول و آخر درود شریف ہزارہ اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور سورہ کوثر ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس نقش کو موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ آفیسر مطلوبہ مہربان رہے گا۔

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۶۹۵	۶۸۴	۶۸۵	۶۹۰
۶۸۶	۶۸۹	۶۹۴	۶۸۳
۶۹۲	۶۸۷	۶۸۲	۶۹۳
۶۸۱	۶۹۶	۶۹۱	۶۸۸

علاج باؤ گولا

جو کوئی مرض باؤ گولا (پیٹ کا پھول جانا) میں مبتلا ہو جائے اور کسی بھی صورت اس سے نجات نہ پاتا ہو۔ تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں ذیل کے نقش کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھیں اور بعد ازاں سورہ کوثر گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کو دم کریں اور اس کو کسی سبز پارچہ کی پٹی کے ساتھ پیٹ کے اوپر ناف کے مقام پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس مرض سے نجات مل جائے گی اور پیٹ کا پھولاؤ رفتہ رفتہ کم ہو کر اپنی اصل حالت میں آ جائے گا۔ (از کنز المجربات)

نقش

بے شمار عبادت کا ثواب

جو کوئی ماہ ربیع الثانی کی پہلی شب ذیل کے طریق کے مطابق آٹھ رکعت نماز نفل چار سلام کے ساتھ ادا کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ بے حد و حساب عبادت کا ثواب بہم پہنچائیں گے یہ نماز مغرب اور عشاء کے درمیان ادا کرنا لازمی ہے۔

طریقہ

پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر تین مرتبہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافروں تین مرتبہ پھر تیسری، چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں اور آٹھویں رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین مرتبہ فی رکعت پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔

بے شمار نیکیوں کا حصول

ماہ ذی الحجہ کی پہلی شب سے دسویں شب تک روزانہ بعد نماز عشاء دو دو رکعت نماز نفل بہ طریق ذیل پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اس نماز کی عظمت کے سبب انسان کے نامہ اعمال میں بے شمار نیکیاں درج فرماتے ہیں اور برائیاں مٹا دیتے ہیں فرمان نبی ﷺ ہے کہ جو

کوئی بھی جس قدر رغبت کے ساتھ ان نمازوں کو ادا فرمائے گا اتنا ہی زیادہ اجر پائے گا۔

طریقہ

ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر سات مرتبہ اور سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھنا چاہیے۔

قبر کا روشن ہونا اور دوزخ سے نجات

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو شخص بروز جمعہ صبح دس تا گیارہ بجے کے درمیان چار رکعت نماز نفل دو سلام سے اس طریق سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اعلیٰ ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر پندرہ مرتبہ اور سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ، تیسری رکعت بطریق پہلی رکعت اور چوتھی رکعت بطریق دوسری رکعت ادا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔

ابھی اس کی دعا قبول بھی نہ ہوگی کہ حکم الٰہی ہوگا کہ میں نے اس کو عذاب قبر اور دوزخ سے نجات دی اور اس کی قبر تا روز محشر نور الٰہی سے روشن رہے گی۔

وساوس کا علاج

جس کسی کو وساوس شیطانی تنگ کرتے ہوں اور ان سے کسی بھی طرح نجات نہ ملتی ہو۔ تو اس کے لیے ذیل کا عمل اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے پیتل، تانبے یا رانگ کی تختی پر ذیل کا نقش بنائیں۔ یہ نقش ساعت قمر میں کندہ کیا جائے اور بوقت ضرورت اس کا پانی بنا کر اول و آخر درود شفا سات سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، آیت ذیل تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس

پانی کو صبح نہار منہ استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے عمل سے مرض وساوس سے شفا کاملہ حاصل ہو جائے گی۔

نقش

یا اللہ یا حی	مَنْزِلِ لِسَرَیَاکَ وَالْحَشَرَ	یا اللہ یا قیوم	
یا اللہ یا کریم	اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ	یا اللہ یا حی	
یا اللہ یا قیوم	اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ	یا اللہ یا عظیم	

پشت کی طرف

یا اللہ الرقیب الحفیظ الرحیم یا اللہ الحی القیوم العظیم

یا اللہ الحی القیوم	د	ط	ب
علیٰ کل شیء	ج	ہ	ذ
	ح	ا	د

ربنا ما خلقت ھذا باطلا سبحانک

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

جو شخص سوتے میں بڑبڑاتا رہتا ہو اور کسی بھی علاج و معالجہ سے اس عادت بد سے چھٹکارا نہ پا سکتا ہو۔ اس کے لیے ذیل کا عمل نافع اور مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید ریشمی پارچے پر ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر خوشبو لگائیں اور اس پر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف، چودہ مرتبہ، اول و آخر درود شریف شفا سات، سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت خواب یا نیند میں بڑبڑانے کی یہ عادت مکمل طور پر چھوٹ جائے گی۔

نقش

اَلْغَفَّارُ	بِسْمِ	اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ		اَلْوَهَّابُ
اَلْقَهَّارُ	اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ			اَلْفَتَّاحُ
اَلْقُدُّوْسُ	فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ			اَلْمُهَيْمِنُ
اَلسَّلَامُ	اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ			اَلرَّحِيْمُ
اَلصَّمَدُ	اَلْمَلِكُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْكَرِيْمُ	اَلْاَكْرَمُ

اولاد نرینہ کے لیے

جس کسی عورت کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا نہ ہوتا تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس پر سورہ کوثر اور آیت ذیل اکتالیس

ان بیس مرتبہ اول و آخر درود شفا اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو موم جامہ کرکے عورت کو اب تین ماہ کا حمل ہو جائے پیٹ کے بائیں جانب باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔

نقش

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
لَا يَرَوْنَ	فِيْهَا	شَمْسًا	وَّلَا زَمْهَرِيْرًا
اِنَّا	اَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ	
فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ	
اِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ

کشائش رزق، خیر و برکت

جو شخص کشائش رزق خیر و برکت کا خواہاں ہو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے اس مقصد کے لیے سورہ کوثر کا ذیل کا نقش ساعت شمس میں تانبے کے پترے پر باوضو حالت میں کندہ کروائیں پھر اس پر سورہ کوثر پانچ صد پانچ مرتبہ اور اول و آخر درود شریف تاج اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو اپنی دوکان یا جائے تجارت میں قبلہ رخ لٹکا دیں۔

انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد کشائش رزق و خیر و برکت حاصل ہو جائے گی۔

برائے دفعیہ لاگڑا کاگڑا

اگر کسی بچے کو لاگڑا کاگڑا لگ آئے اور ساتھ بخار بھی ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز عصر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کا نقش بنائیں اور اس پر سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور سورہ کوثر اکتیس مرتبہ اول و آخر درود شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

یا اللہ	یاشافی	یاحی	یاقیوم	یاباقی	یاکافی
انا اعطیناک الکوثر فصل لربک	الحمدللہ	رب العلمین	الرحمن الرحیم	الذین مالکیوم	والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین
	نعبدو ایاک	ونستعین ایاک	الصراط اھدنا	المستقیم	
	الذین صراط	انعمت	المغضوب علیھم ولا	علیھم	
	ولا الضالین	امین	بسم اللہ	الرحمن الرحیم	
یا اللہ	یاشافی	یاقیوم	یاحی	یادائم	یاشافی

ادائیگی قرض کا عمل

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے مفروض بعد از ہر فرض نماز اول و آخر درود پاک سمیت گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ کوثر اکیس مرتبہ اور دعائے ذیل سات مرتبہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ بہت جلد خزانہ غیب سے قرض اتارنے کی سبیل پیدا فرما دے گا۔

دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَبِالَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ
بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ۔

تجارتی مال کے نقصان سے حفاظت

جب کسی تاجر کا مال کسی بھی وجہ سے نقصان زدہ ہو جاتا ہو اور باوجود یکہ اس وجہ کے تدارک کے پھر بھی بہتری کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے ساعت مشتری میں باوضو حالت میں ذیل کا نقش کسی سفید گتے پر بنا کر اس کو عود و عنبر کی دھونی دی جائے اور اس پر سورہ کوثر بمعہ بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے مال کے اندر رکھے۔ اس کا مال بفضلہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

نقش

استجاب الرزق

ایک مرتبہ ایک شخص نے حضور رسول کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہو کر فرمایا "یارسول اللہ ﷺ! میں کثیر العیال ہوں پھر قرضدار بھی ہوں مجھ پر سختی آن پڑی ہے مجھے کوئی ایسا عمل بتلائیں جس سے مجھے روزی ملے اور میرا قرض ادا ہو جائے اور میرے بچوں کی پرورش ہو۔"

اس پر آپ ﷺ نے ذیل کا عمل اسے بتلایا۔

اس مقصد کے لیے اچھی طرح باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل بہ نیت استجاب الرزق خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کریں اور ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ، سورہ کوثر سات سات مرتبہ اور سورہ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں اور پھر اس دعا کو خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کریں۔

یہ عمل روزانہ جاری رکھیں بفضلہٖ اللہ تعالیٰ اپنے پردہ غیب سے تمام ضروریات کو پورا کرے گا۔

دعا

یَاوَاجِدُ یَامَاجِدُ یَا وَاحِدُ یَا کَرِیْمُ اَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ وَرَبِّکَ وَرَبِّ کُلِّ شَیْءٍ وَاَسْئَلُکَ اَللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَسْئَلُکَ نَفْحَةً کَرِیْمَةً وَّفَتْحًا وَّلَیْسِیْرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّاسْتَعِیْنُ بِهٖ عَلٰی عِبَادِیْ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

ہر قسم کی سختی دور کرنے کا عمل

جو کوئی کسی بھی قسم کی سختی میں مبتلا ہو۔ اور اس سختی کی حالت سے نکل نہ پا رہا ہو تو اس میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔ یہ عمل عطیہ امام موسیٰ کاظمؑ ہے اس مقصد کے لیے دو رکعت نماز نفل تازہ غسل اور وضو کے ساتھ ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ ، سورہ کوثر سات سات مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ اپنا دایاں رخسار زمین پر رکھ کر تین مرتبہ پڑھے۔

یَا قُوَّۃَ کُلِّ ضَعِیْفٍ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ یَا مُعِزَّ کُلِّ ذَلِیْلٍ اَعْیَا اَصْبِرِیْ فَفَرِّجْ عَنِّیْ

اے ہر ضعیف کی قوت، اے ہر ظالم کے ذلیل کرنے والے اور ہر ذلیل کو عزت دینے والے، بے شک، تیرے حق کی قسم، میرے صبر کا پیمانہ بھر گیا اور اب میری مشکلوں کو کھول دے۔"

پھر اپنا بایاں رخسار زمین پر رکھ کر تین مرتبہ پڑھے۔

اَشْھَدُ اَنَّ کُلَّ مَعْبُوْدٍ مِنْ تَحْتِ عَرْشِکَ اِلٰی قَرَارِ اَرْضِکَ بَاطِلٌ اِلَّا وَجْھَکَ الْکَرِیْمَ تَعْلَمُ کَرْبِیْ فَفَرِّجْ عَنِّیْ۔

"میں گواہی دیتا ہوں کہ ہر معبود تیرے عرش کے نیچے سے لے کر قرار زمین تک سب کے سب باطل ہیں سوائے تیری ذات کریم کے تو میری تکلیف کو جانتا ہے تو اس کو دور فرمایا۔"

اس کے بعد سیدھا بیٹھ کر تین مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْخَالِقُ الْبَارِیُٔ الْمُمِیْتُ الْمُمِیْتُ الْمُبْدِیُٔ الْبَدِیْعُ لَکَ الْکَرَمُ وَلَکَ الْحَمْدُ وَلَکَ الْجُوْدُ

وَحْدَهٗ لَاشَرِیْکَ لَهٗ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَامَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ. اَللّٰهُ رَبِّیْ ، اَللّٰهُ رَبِّیْ ، اَللّٰهُ رَبِّیْ

اس کے بعد درود شریف اَللّٰهُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ الصَّادِقِیْنَ اَفْضَلِ بِیْ کَذَا وَکَذَا (یہاں اپنی سختی کو بیان کریں) گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ اپنے لیے دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت اس سختی سے نجات مل جائے گی۔ اس عمل کو تا حصول مقصد جاری رکھیں اور اگر ہمیشہ کے لیے اس عمل کو اپنا لیا جائے تو ہر لحاظ سے ہمیشہ راحت میں رہے گا۔

رسولی سے شفاء

جس کسی کو رسولی ہوگئی ہو اور اس کے علاج کے باوجود بھی آرام حاصل نہ ہوتا ہو۔ تو ایسے میں حضرت شیخ منان کا فرمودہ ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لیے پیر۔ منگل، بدھ تین نفلی روزے بہ نیت شفاء رکھے۔ تیسرے دن بوقت زوال غسل کرے اور اپنے رب کے حضور جانے کی تیاری کرے اس کے لیے ایک پاک صاف کپڑا ہمراہ لے کر مسجد یا گھر کے کسی گوشہ تنہائی میں جا کر چار رکعت نماز نفل بہ نیت شفاء رسولی اس طریق سے ادا کرے کہ اس میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون، سورہ کوثر، سورہ اخلاص، سورہ معوذتین سات، سات مرتبہ پڑھے پھر خشوع وخضوع کے ساتھ تمام ارکان نماز سے فارغ ہو کر گلے سے تمام کپڑے اتار کر وہی پاک صاف کپڑا پہن لے اور پھر زمین پر دایاں رخسار رکھ کر ذیل کی دعا سات مرتبہ کم از کم اور جتنا زیادہ ہو سکے انتہائی

خشوع و خضوع اور الحاح و زاری سے مانگے۔

یَا وَاحِدُ یَا مَاجِدُ یَا کَرِیْمُ یَا حَنَّانُ یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاکْشِفْ مَا بِیْ مِنْ ضُرٍّ وَّ مَعْضَلَۃٍ وَّاَسْئَلُکَ الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَغْنِنِیْ عَلٰی تَمَامِ النِّعْمَۃِ وَاَذْھِبْ مَا بِیْ فَاِنَّہٗ قَدْ اَزَانِیْ وَغَمَّنِیْ

"اے اکیلے، اے عزت والے، اے کریم، اے بے حد رحیم و شفقت کرنے والے، اے قریب، اے قبول کرنے والے، اے سب پر رحم کرنے والوں سے زیادہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور ہمارے سردار محمد ﷺ کی آل پر اور میری بدحالی اور رنج کو دور فرما اور مجھے دنیا و آخرت میں عافیت کا لباس پہنا اور اپنی پوری نعمتوں کے ساتھ مجھ پر احسان فرما اور میری اس تکلیف کو دور فرما اس بیماری نے مجھے اذیت پہنچائی اور غم میں ڈالا ہے۔"

اس عمل کو روزانہ تا حصول شفایابی جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ سے معمور ہوگا اور رسولی ختم ہو جائے گی۔

اولاد کے لیے

اگر کوئی بے اولاد ہو اور اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے نئے قمری ماہ میں پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور دو رکعت نفل بہ نیت حصول اولاد اس طریق سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ، سورۃ

گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ بعد از سلام قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے اول و آخر درود پاک ذیل
گیارہ مرتبہ اور درمیان میں سورہ کوثر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کے گلاس کو دم
اور یہ پانی دونوں میاں بیوی پی لیں۔

سات جمعرات تک اس عمل کو جاری رکھیں اور ناغہ بالکل نہ ڈالیں۔ او
جمعرات کو ہم بستری بھی ضرور کریں۔ عمل کے خاتمے کے بعد اس طرح دعا مانگیں۔

"الٰہی بطفیل محمد مصطفیٰ ﷺ، سورہ کوثر و درود پاک مجھے اولاد صالح و نیک
عطا فرما اور اپنی بارگاہ سے خالی ہاتھ نہ لوٹا۔"

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت عوت حاملہ ہوگی اور اللہ تعالیٰ ان کو اولاد کی نعم
سے سرفراز فرمائیں گے۔

درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَنْوَارِ وَتِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَمِفْتَاحِ
الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ
عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهٖ۔